# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 19 جولائی 2022ء بمطابق 19 ذی الحج 1443 ہجری بعد از دوپہر دو بجکر پچپن منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب مسند نشین، محمد ادریس مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ ﴿۱﴾ حَتّٰی زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ﴿۲﴾ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾ ثُمَّ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴﴾ کَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْیَقِیْنِ ﴿۵﴾ لَتَرَوُنَّ الْجَحِیْمَ ﴿۶﴾ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَیْنَ الْیَقِیْنِ ﴿۷﴾ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ یَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِیْمِ ﴿۸﴾

(ترجمہ): تم لوگوں کو زیادہ سے زیادہ اور ایک دوسرے سے بڑھ کر دنیا حاصل کرنے کی دھن نے غفلت میں ڈال رکھا ہے ﴿۱﴾ یہاں تک کہ (اسی فکر میں) تم لب گور تک پہنچ جاتے ہو ﴿۲﴾ ہرگز نہیں، عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا ﴿۳﴾ پھر (سن لو کہ) ہرگز نہیں، عنقریب تم کو معلوم ہو جائے گا ﴿۴﴾ ہرگز نہیں، اگر تم یقینی علم کی حیثیت سے (اِس روش کے انجام کو) جانتے ہوتے (تو تمہارا یہ طرز عمل نہ ہوتا) ﴿۵﴾ تم دوزخ دیکھ کر رہو گے ﴿۶﴾ پھر (سن لو کہ) تم بالکل یقین کے ساتھ اُسے دیکھ لو گے ﴿۷﴾ پھر ضرور اُس روز تم سے اِن نعمتوں کے بارے میں جواب طلبی کی جائے گی ﴿۸﴾۔ صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِیمِ۔

جناب مسند نشین: جزاک اللہ۔

## نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب مسند نشین: 'Questions Hour': محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ، سوال نمبر 15325۔

* 15325 _ محترمہ شگفتہ ملک: کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ سال 2014 سے تاحال محکمہ ہذامیں مختلف آسامیوں پر بھرتیاں کی گئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2014 سے تاحال بھرتی ہونے والے افراد کی ضلع وائز بمعہ نام، ولدیت، پتہ، سکونت، شناختی کارڈ کاپی، میرٹ لسٹ کاپی، اخباری اشتہارات، میرٹ لسٹ، طریقہ کار کی تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز تمام بھرتیوں کے لئے سلیکشن کمیٹی ممبران کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے اور کون کونسی پوسٹوں کو مشتہر اور کون کونسی پوسٹوں پر بھرتیاں کی گئی ہیں، اس کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): جی ہاں۔

(ب) سال 2014 سے تاحال محکمہ ہذا میں جتنے افراد بذریعہ این ٹی ایس یا ایف ٹی ایس بھرتی ہوئے ہیں تفصیل درجہ ذیل ہیں:

| نمبر شمار | سال | سی ٹی | ڈی ایم | پی ای ٹی | اے ٹی | ٹی ٹی | قاری | پی ایس ٹی | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2014 | 06 | 07 | 05 | 07 | 06 | 10 | 23 | 64 |
| 2 | 2015 | 17 | 12 | --- | 12 | 05 | 04 | 40 | 90 |
| 3 | 2016 | 25 | 01 | 11 | 02 | 03 | --- | 157 | 199 |
| 4 | 2017 | 06 | 07 | 05 | 06 | 04 | 10 | 119 | 157 |
| 5 | 2018 | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| 6 | 2019 | 65 | 18 | 29 | 16 | 31 | --- | 245 | 404 |
| 7 | 2020 | 58 | 10 | 21 | 05 | 14 | 08 | 209 | 325 |
| 8 | 2021 | 05 | 00 | 02 | 00 | 02 | 07 | --- | 16 |

Sd/-

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (زنانہ) نوشہرہ

محترمہ شگفتہ ملک: ډیره مننه چیئرمین صاحب۔ زما دا سوال چې کوم دے جی د دې جواب تاسو اوګورئ چې دوئ دا کوم ما ته نن رالیږلې دی، دا فائلز نو زما په خیال دا ډیره نامناسبه خبره ده چې په دې وخت زه به د دې سوال جواب ډیټیلز کښېنې ګورم او بیا دا ډیټیلز تاسو اوګورئ نو دیکښې خو Already تاسو ته پته

ده چې دیکښې د سپیکر صاحب رولنګ وو چې کوم سوال جواب دوه ورځ، درې ورځې مخکښې را نه شی نو هغه به Automatically کمیټئ ته Refer کیږی۔ نو Kindly دا تاسو Refer کړئ نو په دې به بیا زه ډ سکشن اوکړم۔

Mr. Chairman: Concerned Minister, please.

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، سپلیمنٹری کوسچن پلیز۔

جناب مسند نشین: خوشدل خان۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، ډیره مننه۔ دا سوال چې کوم ما سټډی کړے دے دا ډیر Important question دے او شګفته ډیره خواری هم کړې ده۔ خو ډیپارټمنټ هیڅ قسم جواب نه دے ورکړې۔ دوئ خو ټول مطلب دے د هر یو ضلعې ورنه غوښتې دے او د هغې پوره ډیټیل ئې ترې نه دې غوښتې۔ دیکښې صرف مطلب دے نوشهره والا زنانه ډی ای او (زنانه) رالیږلې دی نو زه به دا اووایمه۔ شوکت ته به هم زه دا ریکویسټ اوکړم او هاؤس ته هم چې دا تاسو کمیټئ ته واستوئ ځکه دا ډیر زیات Important question دے چې هلته مونږه Thrash out کړو او کمیټی ممبران هم کښېنی او کوم موؤر دے چې هغوی هم کښینی او دا مطلب دے ډیټیل واخلی ځکه چې مونږ ته دا معلومات اوشی چې څومره Appointments کیږی او د کومې کومې ضلع کښې کوم کوم خلق بهرتی کیږی۔ تاسو اوګورئ چې دا دومره جامع کوئسچن دے او جواب ئې صرف هم دا صفحه ده، نو دا مطلب دے چې زه به دا وایم چې دا زمونږ د دې هاؤ یو توهین دے ، د هغې استحقاق مجروح کیږی چې زه سوال یو کومه او هغه جواب ما له څومره Easy اخلی۔۔۔۔

جناب مسند نشین: خوشدل خان کوئسچن خو هغه خو وائی دومره ډیټیل سره راغلې چې هغه زه اوس Read کولې نه شم دې وخت کښې۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: ہاں؟

جناب مسند نشین: د میډم خو دا اعتراض دے چې Question/Answer چې کوم راغلې دے هغه دومره ډیټیل کښې دے چې دې وخت کښې هغه زه Read کولې نه شم۔ ما ته وائی چې هغوی ته ټائم پکار وو۔ جی شګفته بی بی۔

محترمہ شگفتہ ملک: د هغوی خبره پخپل ځائې صحیح ده۔ زه ۔۔۔۔۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: دا جامع جواب نه دے راغلې او که دوئ مطمئن وی نو او دوئ دا وائی چې ټهیک دے چې دا مطلب آنریبل ممبر دې ته Comprehensive جامع جواب وائی هغه بیله خبره ده خو دا جامع جواب دے نه۔ دا کوئسچن چې تاسو اوګورئ تاسو لږ اوګورئ کنه ته لږ اوګوره کنه ستا دې مخه کښې پروت دے که دا جامع وی نو بیا ما ته اووایه۔ دا خو یو ډسټرکټ فیمیل نوشهره والا جواب ورکړے دے او هغه 2014 نه واخله 2021 پورې ورکړے دے دا Appointments شوی دی۔

جناب مسند نشین: جی نگہت بی بی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: ډیره مننه جناب سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، شګفته صاحبه چې کوم سوال پښتنه کړې ده د هغې جواب دا اوګورئ جی چې تاسو ته به نه ښکاری لیکن تاسو اوګورئ۔ جناب سپیکر صاحب، زه ستاسو توجه غواړمه۔

جناب مسند نشین: جی وایئ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نو دا تاسو اوګورئ چې دا نن راغلې دے جی۔ دا نن راغلې دے جواب او تاسو ته به نه ښکاری خو دا جوابات دی، تقریباً څه دې باندې تقریباً دری میاشتې لګی چې دا اوګوری اؤ بیا د هغې نه پس چې دا مطمئنه وې او که نه وې خو Straightaway کمیټئ ته ئې اولیږئ هلته به دا پوره چې دے چهان بین به اوشی او هغه به جواب ورکړی او دا نن راغلې دے، دا جواب نن راغلې دے۔

Mr. Chairman: Concerned Minister, please.

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور): جناب سپیکر، جواب تو تفصیلی دے دیا گیا ہے اور میرے خیال سے میں جب آیا ہوں تو میں خود حیران ہوا ہوں کہ ایک سوال کا اتنا بڑا جواب ہو سکتا ہے۔ وقت کا بھی ضیاع ہے میں سمجھتا ہوں اور وسائل کا بھی ضیاع ہے۔ بہر حال کوئسچن کا جواب تو آ چکا ہے اگر میڈم مطمئن نہیں ہے تو اگر کمیٹی میں بھی چلا جائے تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔

جناب مسند نشین: جی میڈم۔

محترمہ شگفتہ ملک: زما دا ریکویسټ دے جی چې دا کمیټئ ته Refer کړئ۔

جناب مسند نشین: ټهیک شوه جی۔ هاؤس ته دا دغه Refer کوؤ۔ څوک چې Favour کښې وی د کمیټئ د پاره هغوی د "هاں" اوکړی او چې کوم نه دی هغوی د "ناں" اوکړی۔ څوک چې Favour کښې وی کمیټئ ته استولو د پاره۔ 'Yes' خو کوئ کنه نو۔ هاؤس ته به خو Refer کوؤ کنه۔ منسټر صاحب Agree ئې؟

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: جی Agreed۔

جناب مسند نشین: ټهیک شوه څه۔ Referred to the Committee. Question No. 15183, Khushdil Khan Advocate.

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سر، د دې څه اوشو مونږ خو پوهه نشو کنه چې تاسو څه Decision واغستو؟ This is still pending لکه ګوره۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: کوئسچن نمبر هغه بیل وو۔ د هغوی بیل کوئسچن وو تاسو بیل دے، هغه Question refer شو۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: Refer شو۔

جناب مسند نشین: هغه خو Refer شوې دے کمیټئ ته۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: رولنګ خو ورکړه کنه یار؟ (قہقہہ)

جناب مسند نشین: ورمې کړو کنه۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: خه څه ټهیک شوه۔

Mr. Chairman: Question No. 15325 referred to the Committee.

* 15183 _ جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ ہائی سکول شیر کیرہ میں طلباء زیر تعلیم ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکول کے اوپر سے ہائی وولٹیج بجلی لائن گزر رہی ہے جو کہ انتہائی خطرناک ہے؛

(ج) آیا بھی درست ہے کہ اس پر اہلیان علاقہ کی جانب سے واپڈا حکام کو کئی بار شکایات بھی کی گئی ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو محکمہ ہذا نے مذکورہ لائن کو ہٹانے کے لئے کیا اقدامات کئے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب شہرام خان (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔ یہ درست ہے۔

(ج) جی ہاں۔ یہ بھی درست ہے۔

(د) گزشتہ سال مورخہ 26-11-2019 کو سکول مذکورہ میں ایک کھلی کچہری کے دوران ڈپٹی کمشنر پشاور کے نوٹس میں اس مسئلے کو زیر غور لایا گیا۔ ڈپٹی کمشنر صاحب نے PESCO پشاور سرکل کے متعلقہ حکام کو ہائی وولٹیج تار ہٹانے کے احکامات جاری کئے (کھلی کچہری کے Minutes کی کاپی لف ہے۔ (کاپی ایوان کو فراہم کی گئی)۔ اس سلسلے میں DEO (M) پشاور نے 23-11-2021 کو ڈپٹی کمشنر کو ایک چھٹی ارسال کی ہے کہ وہ PESCO حکام کو عملدرآمد کے لئے احکامات جاری کریں۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ:</u> ډیره مننه سپیکر صاحب۔ زما دا کوئسچن تاسو اوګورئ دیکښې به زه دا جواب چې کوم دے (ر) ده که څه ده۔ گزشتہ سال مورخہ 26-11-2019 کو سکول مذکورہ میں ایک کھلی کچہری کے دوران ڈپٹی کمشنر پشاور کے نوٹس میں اس مسئلے کو زیر غور لایا گیا۔ دا هغه مسئله ده چې د جینکو هائی سکول دے او په هغې باندې مطلب دے هائی وولټیج بجلی لائن تیر شوے دے ډیر وخت نه نو د هغې په وجه باندې مطلب دے هغه سکول چې کوم Inmate دے، کوم مطلب دے سټوډنټس دی هغوی ته هم تکلیف دے او بل دا ده چې په هغې باندې بره مطلب دے کمرے نه شی جوړې دے نو د هغې وجه دا ده چې هغه هغسې مطلب دا دے چې هغه ځلور کمرې دی او هم هغه دی پکښې نو دا مطلب دے چې د دې یو Struggle ما هم کړے وو په هغه وخت کښې خو تر اوسه پورې په دې څه اونه شو، کهلی کچهری کښې هم ډی سی هم آرډر کړې وو چې یره تاسو دا لرې کړئ۔ په دیکښې بیا ډی ای او په د کهلی کچهری میټنګ په 26-11-2019 باندې شوے دے۔ ډی ای او صاحب کله خط لیکی هغه 23-11-2021 باندې لیکی او تر اوسه پورې مطلب دا دے PESCO والا په هغې باندې څه عمل نه دې کړې او دغه مطلب تار چې کوم کیبیل دے د بجلئی دا ډیر خطرناک دے،

ډیر هائی وولټیج دے ، د دې نه ما شومانو ته هم مطلب دا دے خطرې دی سکول ته هم، بلډنګ ته هم دی۔ نو زما به دا خواست وی چې په دې باندې د بحث په ځائې مونږه دا هاؤس ته هم دا ریکویسټ کوم، تاسو ته هم دا کومه چې دا خو یا مطلب دے کمیټی جوړه کړئ چې دیکښې PESCO والا هم راشی، ایجوکیشن والا هم راشی او دا تارونه د دغه ځائې نه لرې کړې شی ځکه چې سبا باد و باران وی یا مطلب دا دے راپریوتو نو ډیر ماشومان به ورکښې ژوبل هم شی، سټاف به هم پکښې دغه شی نو ښه دا ده چې Immediate action اخستو د پاره یا خو دا هم دغه خپل کمیټۍ ته واستوئ چې هغوی PESCO والا رااوغواړی، ایجوکیشن ایلیمنټری والا رااوغواړی او کښینی چې بهئی دا به تاسو کله لرې کوئ۔ نو زما خو دا دغه دے ځکه دا د انسانیت یو خبره ده دیکښې نور څه نشته خو د دې نه مطلب دا دے چې یو لوئې مشکلات پیدا کیدې شی۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور): جناب سپیکر، چونکه دا کوئسچن زوړ وو او ډیپارټمنټ دا جواب راکړے دے او هغه تار لرې کړې شوے دے۔ PESCO والا راغلې دی تار ئې لرې کړے دے۔ چونکه دوئ کوئسچن مخکښې کړے وو نو دوئ ته جواب Proper نه وو تلې نو د دوئ د انفارمیشن د پاره چې هغه تار ئې لرې کړے دے PESCO والا۔

جناب مسند نشین: جی خوشدل خان۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیټ: بالکل منسټر صاحب اووئیلې زمونږ یقین دے خو پکار دا ده او س ما ته دا پته نه لګی چې دا جواب دوئ کله ورکړے دے۔ په دې جواب کښې دوئ دا نه دی لیکلی یره It was implemented or it was acted upon او دا مطلب دے، دا تار چې کوم دے دا Removed from or replaced by someone یا مونږ لرې کړو بل ځائې کښې۔ اوس دا مطلب دے په ریکارډ باندې نشته دے۔ هغوی وائی نو ټهیک ده څه خبره نشته دے۔ دا منسټر صاحب راغلو کیدې شی دوئ مطلب دے د دې جواب ورکړی۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب۔

جناب شہرام خان (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): Thank you جی۔ Sorry لږ Late راغلم یو میټنګ کښې انښتې وومه۔ دا سوال زوړ دے خبره Genuine ده۔ سکولونو باندې د پاسه تارونه تیر شوی دی او د هغې هغه ټائم کښې ما ډیپارټمنټ ته اووئیل خو I got busy هغوی ته ما اووئیل چې تاسو ما ته Clarification راکړئ چونکه دا کوی PESCO او کار Complicated هم دے۔ زمونږ په حلقوں کښې هم وی جی داسې د کورونو د پاسه، د بلډنګونو د پاسه چې کوم تار نوې Pole لګول آسان وی او کله چې تاسو موؤ کوئ نو یو لوئې لمبا چوړا یو ډیر Complicated کار وی But question ئې Genuine دے، Concerns ئې Genuine دے مونږه ئې Verify کوؤ او خوشدل خان ته به مونږ ډیټیل ورکړو۔ Anything that can be done نو زه به پکښې بالکل خپل Effort کوم او PESCO والا سره به هم مونږ اوکړو۔ د دې پیسې هم Required وی نو مونږ به ورله پیسې هم ورکوؤ خو Concerns مو Genuine دے چې دا، ما ته به اوس لږ ساعت کښې هغوی Confirm کړی چې نن ئې څه Status دے۔ I hope that جی۔۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: خوشدل خان۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: Remove کړے دے ؟

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: Sorry جی۔ اؤ جی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: بنه ټهیک شوه سر۔

جناب مسند نشین: ټهیک شو۔ Next 15435، محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ۔

* 15435 _ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضم شدہ اضلاع میں اس جدید دور میں بھی میڈیکل اور انجینئرنگ یونیورسٹیاں موجود نہیں ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت مذکورہ اضلاع میں کب تک میڈیکل اور انجینئرنگ یونیورسٹیاں قائم کرنے کاارادہ رکھتی ہے۔ نیز اب تک اس سلسلے میں محکمہ نے کیا منصوبہ تیار کیاہے، اس کی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب کامران خان بنگش (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں۔ یہ درست ہے کہ ضم شدہ اضلاع میں تاحال کوئی میڈیکل اور انجینئرنگ یونیورسٹی موجود نہیں ہے۔

(ب) اگرچہ اصولی اور انتظامی سطح پر میڈیکل یونیورسٹی کا قیام محکمہ صحت کے دائرہ اختیار میں آتا ہے۔ تاہم محکمہ اعلیٰ تعلیم کی کاوشوں سے صوبائی حکومت کی طرف سے جنوبی وزیرستان میں 7000 کنال اراضی پر محیط ایجوکیشن سٹی براوند محسود ایریا کی فزیبیلٹی رپورٹ تیار کر کے اس کی روشنی میں گزشتہ مال سال 2021-22 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں 2500 ملین (ڈھائی ارب روپے) کی لاگت کا پہلا منصوبہ منظور کیا گیا ہے جس پر تعمیراتی کام کا آغاز بھی ہو چکا ہے۔ صوبائی حکومت کا ارادہ ہے کہ مستقبل قریب میں انجینئرنگ یونیورسٹی اور دیگر تمام تر منصوبوں کو اسی تعلیمی شہر میں جگہ دی جائے۔ علاوہ ازیں موجودہ مالی سال 2022-23 میں وزیراعظم پاکستان کی ہدایت پر شمالی وزیرستان میں بھی تقریباً 4 ارب روپے کی لاگت سے کثیر المقاصد یونیورسٹی کے قیام کا منصوبہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل کر لیا گیا ہے جس کے لئے اسی سال ابتدائی طور پر 10 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں اور اس کی فزیبیلٹی رپورٹ بھی تیار ہو چکی ہے۔ یہاں یہ امر بھی قابل ذکر و ستائش ہے کہ مندرجہ بالا تعلیمی اداروں کے علاوہ درہ آدم خیل میں اخوروال کے مقام پر فاٹا یونیورسٹی کام کر رہی ہے۔ باجوڑ یونیورسٹی مالی سال 2022-23 کے ADP میں شامل کر لی گئی ہے جس پر PDWP کی منظوری کے بعد اسی سال کام کا آغاز کیا جارہا ہے۔ مزید براں ضم شدہ اضلاع کے طلباء کے لئے انجینئرنگ یونیورسٹی پشاور اور مردان میں الگ نشستیں مختص ہیں جن پر صرف ضم شدہ اضلاع کے طلباء داخلے کے حقدار ہوتے ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، As usual یہ میرا وہی فاٹا کے متعلق جو ہے تو وہ کوسچن ہے اور اس میں میں نے جو پوچھا ہے تو پہلے ہی جواب میں انہوں نے جو مجھے کہا، میرا سوال نمبر 15435 کہ آیا ضم شدہ قبائلی اضلاع میں موجودہ دور جدید میں کوئی میڈیکل انجینئرنگ یونیورسٹیاں موجود نہیں ہیں۔ جواب میں بتایا گیا ہے کہ ضم شدہ اضلاع میں تاحال کوئی میڈیکل انجینئرنگ یونیورسٹی موجود نہیں ہے۔ تو کیا ضم اضلاع کے طلباء وطالبات اس صوبے کا حصہ نہیں ہیں جن کو تعلیم جیسی نعمت سے محروم رکھا جارہا ہے۔ جناب سپیکر، ضم اضلاع کے لوگوں کو ابھی میڈیکل انجینئرنگ یونیورسٹی پر اتنا ہی حق ہے جتنا کہ پشاور، نوشہرہ، ایبٹ آباد سمیت دوسرے لوگوں کا ہے۔ ساڑھے چار سال گزرنے کے باوجود ضم اضلاع میں کوئی میڈیکل اور انجینئرنگ یونیورسٹیوں کا قیام اور

آغاز نہیں ہو سکا چونکہ قبائلی عوام نے اس ملک کے لئے بہت قربانیاں دی ہیں اور ہم سب نے ابھی تک انہیں ایک میڈکل اور ایک انجینئرنگ یونیورسٹی تک نہیں دی۔ جناب سپیکر صاحب، جواب میں مجھے مزید بھی بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم نے 4ارب روپے سے شمالی وزیرستان میں یونیورسٹی کا قیام منظور کر لیا ہے لیکن جناب سپیکر صاحب، 4ارب روپے میں پرائم منسٹر صاحب نے صرف دس کروڑ روپے رکھے ہیں تو کیا اس حساب سے یہ منصوبہ چالیس سال میں مکمل ہو گا اور ساتھ ہی ساتھ خیبر پختونخوا نے جنوبی وزیرستان میں 2700 ملین کی لاگت سے ایجوکیشن سٹی کی رپورٹ تیار کی ہے اور کام کا آغاز کیا ہے جس کے لئے صرف اور صرف 50 ملین روپے رکھے گئے ہیں۔ تو اس حساب سے یہ منصوبہ تو ایک سو سال میں بھی پورا نہیں ہو سکتا۔ لہذا میری اس ہاؤس کے ذریعے چیف منسٹر سے گزارش ہے کہ ایمرجنسی بنیادوں پر ایک میڈیکل اور ایک انجینئرنگ یونیورسٹی کا قیام جلد سے جلد عمل میں لایا جائے تاکہ قبائلی طلباء وطالبات کو در بدر کی ٹھوکریں نہ کھانی پڑیں اور ان کو یہ بنیادی حق جو ہے جو کہ ہمارا Constitution دیتا ہے وہ پورا ہو سکے اور جناب سپیکر صاحب، اس جواب میں مجھے ڈیپارٹمنٹ نے اور منسٹر صاحب نے یہ جواب بھی دیا ہے کہ مردان میں اور فلاں جگہ پہ ہم نے ان کے کئے کچھ سیٹیں مختص کی ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، میرا جو Ex-FATA اور جو Merged areas ہیں، ان کے طلباء جو ہیں تو وہ بھکاری نہیں ہیں کہ وہ مردان میں آئیں گے اتنی دور سے وزیرستان سے اور دوسری جگہوں سے آئیں گے اور وہاں پہ آکے پھر ہاسٹل کی تعلیم۔ وہاں پہ غریب لوگ رہتے ہیں وہاں پہ مزدور لوگ رہتے ہیں، وہاں پہ امیر لوگ ہماری طرح جو ہمارے اس ہاؤس میں امیر ترین لوگ جو ہیں وہ Afford کر سکتے ہیں لیکن وہ لوگ یہ Afford نہیں کر سکتے۔ تو مہربانی کر کے میرے اس کوسچن کو Seriously لیا جائے اور انجینئرنگ یونیورسٹی ہے اور میڈیکل یونیورسٹی ہے، اس کے لئے زیادہ سے زیادہ پیسے مختص کئے جائیں اور اس پر جلد از جلد کام شروع کر کے، میری منسٹر صاحب سے بھی گزارش ہو گی کہ اس پہ باقاعدہ چیف منسٹر صاحب سے بات کریں اور ان کو کہیں، ریکویسٹ کریں کہ ان طلباء کی جو کہ، اور میں یہ بھی سمجھتی ہوں کہ یہ حالانکہ قبائلی اضلاع کا مسئلہ ہے۔ قبائلی اضلاع کے لوگوں کو اس پہ بات اٹھانی چاہیئے لیکن زیادہ تر میں ہی بات اٹھاتی ہوں تو یہ جو ہے قبائلی اضلاع کے لوگ نہ اس پہ سپلیمنٹری کرتے ہیں، شاید ان کے نمائندوں کو اس کا فرق نہیں پڑتا لیکن مجھے فرق پڑتا ہے۔Thank you very much۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی منسٹر صاحب Concerned Minister۔

جناب کامران خان بنگش (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): بہت شکریہ مسٹر چیئرمین۔ جو میڈم نے Concern raise کیا، بالکل Genuine ہے ہم Appreciate کرتے ہیں وہ ہمیشہ قبائلی اضلاع کے لئے بات کرتی ہیں۔ سر، اگر میں تھوڑا سا Statistically بتاؤں تو اس ہاؤس میں اس پہ بہت زیادہ بحث ہو چکی ہے، سٹوڈنٹس کچھ گئے انہوں نے اسلام آباد میں بھی Protest کیا ہمارے ساتھ میٹنگز کیں اور میں یہ خیبر پختونخوا حکومت کو، خیبر پختونخوا ہائیر ایجوکیشن، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ اور Specially وزیر اعلیٰ صاحب کا میں مشکور ہوں کہ ہم نے جو Commitment کی تھی پورے پاکستان کے حساب سے کہ ہم میڈیکل کی Seats قبائلی اضلاع کے بچوں اور بچیوں کے لئے بڑھائیں گے۔ اس میں سب سے بڑا شیئر خیبر پختونخوا نے دیا۔ مسٹر سپیکر، انضمام سے پہلے قبائلی اضلاع کے سٹوڈنٹس کے لئے بچوں اور بچیوں کے لئے صرف اور صرف 167 سیٹیں تھیں، One sixty seven، وہ ہم نے بڑھادی ہیں 334 ہو گئی ہیں، یہ بہت بڑی Success ہے اور ہم یہ، یہ میں فلور آف دی ہاؤس پہ کہہ رہا ہوں، ہم پورا اس سوچ کو بدلنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ ہم کوئی خیرات نہیں دے رہے ہیں کسی کو، ہم کسی کو کوئی Favour نہیں دے رہے ہیں، یہ ان کا حق ہے، وہ محروم علاقوں سے ہیں، ہم نے اس لئے ان کی سیٹیں بڑھائی ہیں، یہ ان کا حق ہے اور ان کے اوپر کوئی احسان نہیں جتا رہے ہیں۔ ہم نے ان کو مزید بھی Facilitate کرنا ہے۔ جو انہوں نے بات کی ہے تو 167 سیٹوں سے 334 سیٹیں بن گئی ہیں وہاں پہ میڈیکل کی اور یہ قبائلی اضلاع کے لئے Specific ہیں۔ مسٹر چیئرمین، پچیسویں آئینی ترمیم کے بعد وہ Mainstream خیبر پختونخوا میں آ چکے ہیں لیکن ہم پھر بھی اپنے قبائلی اضلاع کے بچوں اور بچیوں کو اتنا Facilitate کر رہے ہیں تاکہ وہ مزید یہ اس طرح کی پروفیشنل ایجوکیشن لے سکیں۔ یہاں پہ جواب میں بھی بتایا گیا ہے 2700 کنال کے اوپر ایک ایجوکیشن سٹی ہم بنا رہے ہیں براوند کے ایریا میں، اس میں ہم پرائیویٹ سیکٹر کو بھی Invite کریں گے، پبلک سیکٹر بھی اس میں یونیورسٹیز بنائے گی۔ اس میں انجینئرنگ اور میڈیکل یونیورسٹیز بھی بنیں گی لیکن اس کے ساتھ ساتھ آج یہ اتفاقاً، ایک خوشگوار اتفاق ہے کہ آج میری اور شاہ محمد وزیر صاحب کی پانچ بجے میٹنگ ہے اور ہم خیبر میڈیکل یونیورسٹی کا کیمپس بنانے جا رہے ہیں جو بنوں کے ساتھ ٹرائبل ڈسٹرکٹس ہیں جو Adjacent ہیں جو بکا خیل اور دیگر علاقے ہیں، ادھر ہم میڈیکل یونیورسٹی کا کیمپس بنا رہے ہیں اور یہ خیبر پختونخوا کا ایک کالج ہے، کالج کے بلڈنگ ہم ادھر کمپس کے لئے بدل رہے ہیں، پہلی بات۔ دوسری بات مسٹر سپیکر، جب ہم Employability کی بات کرتے ہیں ادھر اسی ہاؤس میں بہت

بڑی اس کے اوپر ایک بات ہوئی ہے کہ وہاں پہ الائیڈ ہیلتھ سائنسز، نرسز، ان کا کوئی سٹرکچر نہیں ہے، اس لئے وہاں سے زیادہ لوگوں نے Apply نہیں کیا تو کرم میں ہی ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے اپنی بلڈنگ دے دی ہے نرسنگ کالج کے لئے اور الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے لئے ہم اور جگہوں پہ ہمارے پاس جو بلڈنگز ہیں، ہمارے پاس ایسا انفراسٹرکچر ہے جن کو الائیڈ ہیلتھ سائنسز، نرسز اور میڈیکل کے لئے دے سکتے ہیں۔ میں نے مسٹر سپیکر، Recently اور کرزئی میں Grand جرگے کے لئے وزیر اعلیٰ صاحب نے مجھے بھیجا تھا، ادھر میں نے ان کو کہا کہ اور کرزئی ہاؤس کو ہم کوئی میڈیکل کیمپس بنا سکتے ہیں، یہ مسٹر سپیکر، Plan کا حصہ ہے ہمارا کہ ہم وہاں پہ میڈیکل ایجوکیشن کو اور انجینئرنگ ایجوکیشن کو ہم Expand کر رہے ہیں لیکن ساتھ ہی ساتھ ہم یہاں پہ جو ہمارے یونیورسٹیز اور کالجز ہیں وہاں پہ بھی ان کی سیٹیں بڑھا رہے ہیں، تو یہ ہمارے Plan کا حصہ ہے۔ آپ خاطر جمع رکھیں ان شاء اللہ خیبر پختونخوا حکومت کو اپنے قبائلی اضلاع کے لئے ہم اپنے Pocket سے اپنی طرف سے ہم ان کو مزید Facilitate کر رہے ہیں اور کریں گے ان شاء اللہ۔ Thank you۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی میڈم۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: Thank you۔ جناب چیئرمین صاحب، میں منسٹر صاحب کا بہت شکریہ ادا کرتی ہوں کہ انہوں نے اتنا تفصیل سے جواب دیا اور انہوں نے قبائلی اضلاع کے جو طالب علم ہیں تو ان کے لئے ظاہر ہے کہ اتنا کچھ جو Steps اٹھانے کی بات کی ہے تو میں اس جواب سے بالکل مطمئن ہوں اور میں چاہتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کو اور بھی ہمت دے تاکہ یہ اور بھی کام کر سکیں کیونکہ ہمارے ہاں تو آپ کو پتہ ہے ابھی پچھلے دنوں یہ ایک مختصر سی بات ہے کہ باجوڑ میں جو عورتوں کو سیاحت کے لئے منع کر دیا گیا، تو یہ بھی اس پہ بھی ذرا منسٹر صاحب سی ایم صاحب سے بات کریں کہ اس پہ بھی ذرا سا ہونا چاہیئے کہ اگر ہر ضلع میں، اگر ہمارا تعلیمی نظام اتنا اچھا ہوگا، لوگ Aware ہوں گے تو ان شاء اللہ تعالیٰ یہ کام آپ کے توسط سے جو ہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور ہوگا اور آپ نے جتنی تفصیلی بات کی ہے، میں اس سے مطمئن ہوں۔ شکریہ جی۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی منسٹر صاحب۔

<u>وزیر برائے اعلیٰ تعلیم</u>: سر، میڈم کی ہم رہنمائی بھی لیں گے، گائیڈنس بھی ان سے لیں گے اور اس طرح کے جو Questions ہیں یہ ہمیں مزید Sensitize کرتے ہیں اس بات پہ میں ان کو Appreciate

کرتا ہوں۔ جو انہوں نے جرگے کی بات کی ہے وہ بڑا اہم ہے اور میں چاہتا ہوں کہ میڈیا بھی اس کو Properly highlight کرے۔ جرگہ جو ہوا ہے وہ جے یو آئی کے مقامی رہنماء نے کیا ہے اس میں کسی قسم کی حکومت کی جانب سے کوئی عمل دخل نہیں ہے۔ حکومت اس طرح کے Decisions کو اس طرح کے فیصلوں کو Discourage کرتی ہے۔ ہم چاہتے ہیں قبائلی اضلاع ہمارے Mainstream کا حصہ بنیں، وہاں پہ لوگ ہمارے منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں باجوڑ سے ہی ہیں، ان کو زیادہ علم ہے، کوئی حکومت کی طرف سے اس طرح کی کوئی پابندی نہیں ہے کہ خواتین نہیں جا سکتیں ٹورازم پہ، اور ہم یہ جو جرگہ کیا ہے جے یو آئی کے مقامی رہنماء نے، جے یو آئی کے نمائندگان بھی بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو اس بات کا علم ہے۔ حکومت خیبر پختونخوا اس بارے میں بالکل سنجیدہ ہے کہ ہم اس طرح کے فیصلوں کی حوصلہ شکنی کریں گے اور ہم درخواست کرتے ہیں کہ یہ جو جرگہ کیا ہے انہوں نے اس کو بھی واپس لیں اور یہ Encourage کریں قبائلی اضلاع میں ہمارے پاس سیاحت کا ایک بہت بڑا Potential ہے تو میں میڈم نے جو بات کی ہے وہ میڈیا پہ بھی چلی ہے، جے یو آئی کے مقامی رہنماء نے کیا ہے۔

<u>Mr. Chairman</u>: Thank you. Next Question 15342, Mr. Shakeel Basheer Sahib, Shakeel Basheer Sahib, lapsed. Question No. 15254, Miss Humaira Khatoon.

* 15254 _ <u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: کیا وزیر توانائی و برقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) رواں مالی سال کے 22-2021 بجٹ میں محکمہ توانائی کے لئے کتنی رقم مختص کی گئی ہے؛

(ب) رواں مالی سال کے بجٹ میں محکمہ کے لئے مختص بجٹ میں پہلی ششماہی کے دوران کتنی رقم ریلیز ہوئی ہے اور اس میں سے اب تک کتنی رقم خرچ ہوئی ہیں، اس کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ج) گزشتہ پانچ سالوں میں محکمہ توانائی کو جاری شدہ رقوم کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(د) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ کو جاری شدہ رقوم Lapse ہوئی ہیں؛

(ھ) اگر رقوم Lapse ہوئی ہیں تو اس کی تفصیل کیا ہے اور رقوم Lapse ہونے کی وجوہات کیا ہیں؟

<u>جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ): (جواب وزیر قانون نے پڑھا)</u>: (الف) محکمہ توانائی و برقیات، سیکرٹریٹ پشاور کے سیکرٹریٹ میں موجود بنیادی، انتظامی محکمہ کے علاوہ تین منسلکہ ادارے ہیں۔

1۔ پختونخوا انرجی ڈیویلپمنٹ آرگنائزیشن /پیڈو

2۔ خیبر پختونخوا آئل اینڈ گیس کمپنی لمیٹڈ۔

3۔ الیکٹرک انسپکٹوریٹ۔

جن کے بجٹ کی مکمل تفصیل بمطابق سوال درج ہے:

(الف) رواں مالی سال 22-2021 کے بجٹ میں محکمہ توانائی کے لئے مبلغ /98,319,000 کی رقم مختص کی گئی ہے۔

(ب) رواں مالی سال کے بجٹ میں محکمہ کے لئے مختص بجٹ میں پہلی ششماہی کے دوران مبلغ /98,319,000 رقم ریلیز ہوئی اور اس میں اب تک (31 جنوری 2022 تک) مبلغ /61,141,694 کی رقم خرچ ہوئی ہے۔ تفصیل لف ہے۔(Annexure –A)

(ج) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران محکمہ کو جاری شدہ رقوم Lapse نہیں ہوئیں۔

(ھ) قابل اطلاق نہیں۔

<u>محترمہ حمیرا خاتون</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، یہ محکمہ توانائی کے لحاظ سے کوئسچین ہے اور نہایت اہم اس لئے ہے کہ آج کل ہمیں پتہ ہے کہ ہمارا سامنا ہے بجلی لوڈشیڈنگ اور گیس دونوں کی لوڈشیڈنگ سے، اس کے سوال کے جواب میں جو ہے ایک بہت بڑا Contradiction ہے اور مجھے تو نظر آ رہا ہے لیکن میرے خیال میں اگر گورنمنٹ اس کو نہیں بھجوا رہی ہے کمیٹی میں تو ظاہر ہے ان کو، وہ اس چیز کو نظر انداز کرنا چاہیں گے۔ اس میں پہلے ہی صفحے پہ جو لکھا گیا ہے ناں کہ رقوم جو ملی ہیں بجٹ سے تو اس میں کوئی Lapse نہیں ہوئی جبکہ اس کے دوسرے ہی پیج میں جو ہے جاری شدہ رقم اور Lapse شدہ رقم کے نام سے فہرست جاری کی گئی ہے۔ اب آپ خود بتائیں کہ ایک محکمہ جب خود آپ کو بتا رہا ہے کہ اس میں Lapse شدہ، رقم ان سے Lapse ہوئی ہے اور پھر نیچے اس کے لئے انہوں جو جواز بتایا ہے کہ اس کی وجوہات کیا ہیں۔ وجوہات یہ ہیں کہ آسامیاں خالی رہنے کی وجہ سے تنخواہوں کی مد میں جو فنڈز آئے تھے تو وہ دیئے نہیں گئے۔ اب اس میں تو یہ تو سوال میں ایک سوال جنم لیتا ہے کہ آخر یعنی لوگ، اور پی ٹی آئی گورنمنٹ جو ہے وہ لوگوں کے ساتھ نوکریوں کا وعدہ لیکر آئی ہوئی ہے اور آپ کے توانائی کے محکمے کے اندر آسامیاں خالی پڑی ہوئی ہیں۔ آپ لوگوں کو Jobs بھی نہیں دے رہے ہیں، آپ کے پاس تنخواہیں بھی آ رہی ہیں، آپ تنخواہوں کو Lapse کی شکل میں Show کر کے واپس بھی بھجوا رہے ہیں، تو آخر یہ تو ایک بہت بڑا تضاد ہے تو میرے خیال میں یہ سوال تو کمیٹی میں جانا چاہیئے باقی دیکھتے ہیں منسٹر صاحب کیا فرماتے ہیں۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب۔۔۔۔

جناب احمد کنڈی: سر!

جناب مسند نشین: جی کنڈی صاحب۔

جناب احمد کنڈی: سر، میرا سپلیمنٹری کوسچن ہے، انرجی اینڈ پاور سے سوال ہے تو میری گزارش یہ ہے جو فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی جو کہ خیبر پختونخوا کا Under Article 161 جو ہے Right بنتا ہے، کیا صوبائی گورنمنٹ نے فیڈرل کے ساتھ یہ Take-up کیا ہوا ہے جو پٹرولیم پراڈکٹ میں جو Changes آرہی ہیں اس پر فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کا جو عنصر ہے یا جو Factor ہے وہ ہمیشہ Ignore کیا جاتا ہے جو Constitutional ایک ہمارا Right ہے۔ کیا انرجی اینڈ پاور ڈیپارٹمنٹ نے اس Factor کی طرف فیڈرل گورنمنٹ کی توجہ دلانے کے لئے کوئی سمری تیار کی ہے یا کوئی بات کی ہے؟

جناب مسند نشین: جی Concerned Minister۔

جناب فضل شکور خان (وزیر قانون): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر، پہلے میں کنڈی صاحب کا جواب دے دوں کہ یہ سر، میرے خیال میں سوال سے سپلیمنٹری نہیں بنتا، اس کے لئے اگر وہ فریش کوسچن لے آئیں تو میں جواب دے سکوں گا اس وقت میرے پاس اس بات کا جواب نہیں ہے سر۔ دوسری بات سر، میڈم کہہ رہی ہے کہ اس میں Contradiction ہے یہ جو انہوں نے کہا ہے سر، میں ذرا سا Explain کر دوں یہ جواب۔ سر، یہ ڈیپارٹمنٹ جو ہے ایک تو اس کا جو انتظامی محکمہ ہے اور اس کے ساتھ سر، Attached formations رہتی ہیں، تو انہوں نے جو یہ پہلے صفحے پہ ہے اگر آپ اس طرح کہہ رہی ہیں کہ انہوں نے کہا ہے کہ اس میں Lapse نہیں ہوئی یہ صرف جو ہے انتظامی محکمہ میں جو فنڈز آئے ہیں اس کے بارے میں ہے، اس کے بعد جو ان کے Attached formations ہیں اس کے بارے میں انہوں نے علیحدہ علیحدہ جواب دیا ہے، تو اس میں یہ جو Electric Inspectorate ہے اس میں انہوں نے کہا ہے کہ Lapse ہے اور بہت سر، تھوڑی رقم کی Lapse ہے اور وہ بھی سر، اس وجہ سے کہ وہاں پہ جو سیٹیں خالی رہ گئی تھیں تو سر، اس میں لوگوں نے Apply کیا ہو گا اور اس میں وہ، ان پوسٹوں پہ Qualification کے مطابق نہیں آئے تھے تو اس وجہ سے وہ پوسٹیں خالی رہ گئی ہیں۔ باقی میرے خیال میں سر، جواب بالکل کلیئر ہے جو انہوں نے جواب مانگا ہے اس کا ایک ایک چیز کا جواب دیا گیا ہے، کتنا فنڈ آیا ہے کتنا ریلیز ہوا اور کتنا مختص تھا اور کتنا خرچ ہوا ہے۔ اس میں سارا موجود ہے سر۔

جناب مسند نشین: جی میڈم۔

محترمہ حمیرا خاتون: جی سپیکر صاحب میں، میرے سے اگر پوچھ رہے ہیں ناں تو میں تو اس جواب سے مطمئن نہیں ہوں۔ دیکھیں اگر منسٹر صاحب اس بات کو مان رہے ہیں کہ Lapse ہوئی ہے لیکن وہ کہہ رہے ہیں کہ بہت تھوڑی رقم Lapse ہوئی ہے یہ تو آپ کو ڈیپارٹمنٹ نے بتایا ہے کہ تھوڑی رقم Lapse ہوئی ہے وہ تو مجھے پتہ ہے کہ رقم کتنی Lapse ہوئی ہے۔ آپ کا یہ محکمہ کتنا بدنام ہے۔ اچھا دوسرا اس میں جو خیبر پختونخوا کی آئل اینڈ گیس کا جو اس میں جواب دیا گیا ہے۔ تو آپ خود سوچیں کہ ہمارے صوبے کے اندر گیس میں جو کیمیکل ملایا جاتا تھا جو کہ Smell کے لئے ہوتا تھا کہ سوئی گیس کے اندر جو کیمیکل استعمال ہوتا تھا فاسفورس کے نام سے، وہ کیمیکل اب اس میں استعمال نہیں ہو رہا ہے لہذا گیس کی لوڈشیڈنگ اس جون جولائی میں بھی ہو رہی ہے اور یہ بہت بڑے حادثات کا سبب بن رہی ہے جو کنڈی صاحب کے گھر کے اندر ایک بڑا حادثہ ہوا ہے اور بہت بڑے بڑے حادثات ہو رہے ہیں کہ آپ لوڈشیڈنگ بھی کرا رہے ہیں لیکن گیس کے اندر وہ کیمیکل استعمال نہیں کر رہے ہیں تو اس سوال سے کیسے گورنمنٹ مطمئن ہو سکتی ہے مجھے تو اس کی سمجھ نہیں آ رہی ہے۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب۔

وزیر قانون: ایک تو یہ سر، گیس ٹرانسمیشن جو ہے وہ ہمارے پاس نہیں ہے وہ فیڈرل گورنمنٹ کا وہ ہے، تو اس میں چاہے وہ جو بھی ملائے کیمیکل ملائے یا نہ ملائے اس کے ساتھ میرا وہ تعلق نہیں ہے۔ باقی جواب پورا دیا ہوا ہے لیکن اگر یہ مطمئن نہیں ہیں تو اگر کمیٹی جاتا ہے تو سر، جس طرح ہمارے باقی ممبران کہیں۔ اعتراض نہیں ہے، کمیٹی بھیجنا چاہتی ہیں یہ، ٹھیک ہے۔

Mr. Chairman: The motion before the House is that Question No. 15254 may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The ‘Ayes’ have it. Question is referred to the concerned Committee. Question No. 15406, Miss Baseerat Khan.

* 15406 _ محترمہ بصیرت خان: کیا وزیر اعلیٰ تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضم شدہ اضلاع میں گرلز اور بوائز کالجز کی تعداد کتنی ہے اور یہ کہاں کہاں پر واقع ہیں۔اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز ان کالجوں میں کتنے فعال اور کتنے غیر فعال کالجز ہیں،ان کی ضلع وار الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے؛

(ب) کیا حکومت ضم شدہ اضلاع میں نئے کالجز بنانے کا ارادہ رکھتی ہے۔اگر رکھتی ہے تو کس ضلع میں کن کن مقامات پر کب تک نئے کالج بنیں گے،اس کی بھی ضلع وار تفصیل فراہم کی جائے ؟

جناب کامران خان بنگش (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) اس ضمن میں عرض یہ ہے کہ ضم شدہ اضلاع میں کل 44 کالجز ہیں جن میں 15 گرلز کالجز اور 23 بوائز کالجز اور 06 کامرس کالجز شامل ہیں جن کی تفصیل لف کالم نمبر 01 ہے۔

(ب) جی ہاں۔ضم شدہ اضلاع میں نئے تعمیر شدہ اور زیر تعمیر کالجز کی تعداد کل 10 ہے جن کی تفصیل لف کالم نمبر 03 ہے اور مزید 12 نئے کالجز کی تعمیر کا کام بھی جن کی جگہ کا تعین ڈپٹی کمشنر کرے گا۔جگہ کے تعین کے بعد اسی سال شروع کر دیا جائے گا۔(جن کی تفصیل لف کالم نمبر 04 ہے۔

| S. No. | Existing colleges | Status/Remarks | Newly completed colleges/under construction colleges to be functionalized in CFY 2021-22 and 2022-23 | Scheme approved on 12.10.2021, site selection process initiated |
|---|---|---|---|---|
| 1 | GGDC Khar Bajaur | Functional in civil Hospital/BHU | GDC Sama Badhaber Sub Division Hassan Khel Peshawar | GDC Salarzai Bajaur |
| 2 | GPGC Khan Bajaur | Functional | GGDC Hassam Khel Sub Division Peshawar | GDC Uthman Khel Bajaur |
| 3 | GGDC Barkhalozi Bajaur | -do- | GDC Jalaka Orakzai | GDC Uthman Khel Bajaur |
| 4 | GDC Nawagai Bajaur | -do- | GDC Ghakhi B.M Khel Dargai Orakzai | GDC Halim zai Mohmand |
| 5 | GCMS Khar Bajaur | -do- | GGDC Chanda, Mohmand | GGDC Landi Kotal Khyber |
| 6 | GDC Kotka Hibibullah Wazir | Operational in E&SE Teachers Training Institute | GDC Bakka Khel, Sub Division Wazir | GDC Dora Nihar Bara Khyber |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | Bannu | | Bannu | |
| 7 | GGDC Darazinda D.I.Khan | Functional | GDC No. 2 Parachinar, Kurram | GDC Lower Kurram |
| 8 | GDC Darazinda D.I.Khan | -do- | GGDC Landi Kotal Khyber (to be functional in rented building) | GDC Spinwam/Shewa NW |
| 9 | GGDC Jamrud Khyber | -do- | GDC Barang Bajaur | GGDC Mirali NW |
| 10 | GDC Jamrud Khyber | -do- | GGDC Bara Khyber | GDC Wervekai SW |
| 11 | GDC Kohi Sher Haider Khyber | -do- | | GGDC FR Bannu |
| 12 | GPGC Landi Kotel Kyber | -do- | | GDC Ping at Naqeeb Khel FR Tank |
| 13 | GCMS Jamrud Khyber | -do- | | |
| 14 | GGDC Dara Adam Khel, Kohat | -do- | | |
| 15 | GDC Dara Adam Khel, Kohat | -do- | | |
| 16 | GDC Arakhel Dara Adam Khel Khyber | Functional in Health Bungalow | | |
| 17 | GGDC Parachinar No.1 Kurram | Functional | | |
| 18 | GGDC Parachinar No.2 Kurram | -do- | | |
| 19 | GGDC Sadda Kurram | -do- | | |
| 20 | GGDC Alizai Kurram | -do- | | |
| 21 | GDC Begam | -do- | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | Kurram | | | |
| 22 | GPGC Parachinar Kurram | -do- | | |
| 23 | GDC Sadda Kurram | -do- | | |
| 24 | GCMS Parachinar Kurram | -do- | | |
| 25 | GGDC Ekkaghund Mohmand | -do- | | |
| 26 | GDC Ekkaghund Mohmand | -do- | | |
| 27 | GDC Lakrai Mohmand | -do- | | |
| 28 | GCMS Ghalanai Mohmand | -do- | | |
| 29 | GGDC Miranshah NW | -do- | | |
| 30 | GDC Mirali NW | -do- | | |
| 31 | GPGC Miranshah NW | -do- | | |
| 32 | GCMS Miranshah NW | -do- | | |
| 33 | GGDC Kalaya Orakzai | -do- | | |
| 34 | GGDC Star Sam Orakzai | -do- | | |
| 35 | GDC Ghiljo Orakzai | -do- | | |
| 36 | GDC Kalaya Orakzai | Running in Elementary School building | | |
| 37 | GGDC Wana SW | Functional | | |
| 38 | GDC Wana SW | Functional/under construction | | |
| 39 | GDC Star Sam SW | Functional/under construction | | |
| 40 | GDC Ladha SW | Functional | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 41 | GCMS Wana SW | -do- | | |
| 42 | GGDC Ladha SW | -do- | | |
| 43 | GGDC Jandola Tank | -do- | | |
| 44 | GDC Jandola Tank | -do- | | |

<u>محترمہ بصیرت خان:</u> شکریہ چیئرمین صاحب۔ سب سے پہلے تو میں اس کوسچن کے بارے میں کہوں گی کہ میں Overall Question سے مطمئن ہوں جو ڈیٹیلز میں نے مانگی تھیں وہ مجھے مہیا کی گئی تھیں لیکن منسٹر صاحب سے میری ایک ریکویسٹ ہو گی، یہاں پہ میں گورنمنٹ کو Appreciate بھی کرنا چاہوں گی کہ چاہے جیسے بھی ہے یہاں پہ لکھا گیاہے کہ Functionally یا جو Under-construction ہیں بہت سے کالجز ہمارے اس میں جو لسٹ میں دیئے گئے ہیں وہ بی اینچ یوز یا ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے Bungalows میں وہ Functional ہیں تو میں ان کو Appreciate کرتی ہوں کہ At least کہ اگر ان کی اپنی بلڈنگز نہیں بھی ہے تو Colleges functional ہیں لیکن جو لکھا گیاہے کہ Functional/under-construction، تو میری گزارش یہ ہو گی کہ جو دوسرے بلڈنگز میں، Rented buildings میں ہیں At least ان کے لئے اپنی بلڈنگز بنادی جائے۔ ڈسٹرکٹ خیبر کی میں بات کروں گی یہاں پہ ہمارا گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج لنڈی کوتل جو ہے تو انہوں نے کہاہے کہ To be functional in rented building، تو منسٹر صاحب سے میری گزارش ہو گی کہ وہ ابھی تک، ان کا کہنا بھی یہ ہے کہ وہ فنکشنل ہو جائے گا اگر جلدی ہو جائے تو بہتر رہے ہو گا، Overall میں مطمئن ہوں کوسچن سے۔

<u>جناب مسند نشین:</u> کامران بنگش صاحب۔

<u>جناب کامران خان بنگش (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم):</u> شکریہ مسٹر سپیکر۔ سر، جیسے میری بہن نے بات کی 44 کالجز جو ہیں Functional ہیں ماشاء اللہ قبائلی اضلاع میں اور 12 ہم اس سال بنارہے ہیں اس کے لئے آپ کو پتہ ہے آج کابینہ کے اجلاس میں انور زیب خان نے بھی اس پہ بہت زیادہ تفصیلی بات کی۔ ہم اگر Land acquisition کی طرف جاتے ہیں اور Land acquire کرنے کے بعد آپ کو پتہ ہے کہ اس میں پھر Legal issues بھی آتے ہیں وہ Resolve کرنے کے بعد اس کے اوپر کنسٹرکشن ہوتی ہے

تو یہ بڑا Hectic ایک Process ہے، تو اس کا ہم نے ایک Alternate یہ طریقہ نکالا ہے کہ چونکہ ستمبر میں نیا اکیڈمک سیشن سٹارٹ ہو رہا ہے تو اس سے پہلے ہم Rented buildings میں جو ادھر کی Locality ہے۔ اب یہ مسٹر سپیکر، پہلی دفعہ ہوا ہے یہ کریڈٹ میں ذاتی طور پر خود نہیں لینا چاہتا یہ اس پورے ہاؤس کا کریڈٹ ہے اور اس حکومت کا کریڈٹ ہے کہ ہم نے اس دفعہ ایک فیزیبلٹی، تھرڈ پارٹی فیزیبلٹی سٹڈی Conduct کی، جس میں ہم نے یہ دیکھا کہ کونسی کالج کی کہاں پہ Requirement ہے، اس کے فیڈرز سکولز کونسے ہیں، ادھر کی آبادی کتنی ہے؟ 30 کلو میٹر کی Radius میں وہاں پر اور کالجز ہیں، ان کی Enrollment کتنی ہے؟ ایک Third party consultant کو ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے Hire کیا پھر اس کے بعد Prioritized numbering کی گئی کہ کونسی جگہ پہ کونسے کالج کی ضرورت ہے۔ تو اس میں یہ 12 نئے کالجز قبائلی اضلاع میں اور 35 جو ہیں وہ بندوبستی اضلاع میں، یہ 47 کالجز اس دفعہ بنیں گے۔ اس میں 12 کالجز ہم Rented building میں سٹارٹ کرنے جا رہے ہیں ان شاء اللہ ستمبر سے پہلے ہماری بہت زیادہ محنت ہے کہ ہم ستمبر سے پہلے یہ سٹارٹ کر لیں لیکن اس میں ہمیں ایک بہت بڑا چیلنج ہے، ہمارے پاس سٹاف کی کمی ہے تو اس کے لئے بھی آج ہم نے کابینہ میں بڑی تفصیلاً بات کی ہمارے سینیئر منسٹرز نے بھی اس کے اوپر Endorse کیا کہ ہم بہت جلد ایک ریکروٹمنٹ پالیسی لے کر آ رہے ہیں جس میں ہم کالج کی سطح پر جو ریکروٹمنٹ ہے اس کو Expedite کریں گے، پبلک سروس کمشن کے ساتھ بھی Take-up کریں گے اور جو ہمارے ادارے ہیں تاکہ ریکروٹمنٹ جلد از جلد ہو۔ میں یہاں پہ یہ بھی خوشخبری دیتا ہوں میڈم کو اور قبائلی اضلاع کے تمام ہمارے ایم پی ایز کو کہ قبائلی اضلاع کے ہر کالج کو ہم نے ایک ایک ہائی ایس دے دی ہے اور دوسرا ہائی ایس جو ہے وہ بہت جلدی پہنچ جائے گا۔ تو اس سے جو دور دراز کی ہماری Specially جو لڑکیاں ہیں جو ہماری بہنیں ہیں ان کو کالجز میں پہنچنے میں بڑی آسانی ہو گی تو دو دو گاڑیاں ہر کالج کو پہنچ جائیں گی ایک پہنچ چکی ہے اور ایک بہت جلد دوسری بھی پہنچ جائے گی۔ (تالیاں) یہ بھی ہم لے رہے ہیں ادھر جو ہے جیسے انہوں نے کہا ہم ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے بلڈنگز میں کالجز کو Functional کر رہے ہیں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے ہمیں جدھر بھی کوئی Quick way, quick fix ملتا ہے ہم وہاں پہ کالج سٹارٹ کر رہے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ قبائلی اضلاع میں جو ہائیر ایجوکیشن کا Ecosystem ہے وہ مزید مضبوط ہو تو اس کے لئے ہم الحمدللہ دن رات محنت کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہمیں اس کا، اس کے ثمرات مہیا ہو رہے ہیں ہمیں سامنے

آرہے ہیں اس کے ثمرات کہ بہت جلد قبائلی اضلاع کی جو کالجز کی Deficiency ہے جو وہاں پہ Enrollment بڑھانے کی ہمیں ضرورت ہے وہ بہت جلد ہم Resolve کر لیں گے۔ بہت شکریہ۔

جناب مسند نشین: جی میڈم، میڈم!

محترمہ بصیرت خان: شکریہ سر، میں مطمئن ہوں۔

جناب سردار حسین: سر!

جناب مسند نشین: جی بابک صاحب!

جناب سردار حسین: منسټر صاحب ته به خواست وی چې زمونږه په علاقه کښې ګورنمنټ ګرلز کالج چمله یو کال اوشو چې بیا پوسټونه هم Sanction شوی دی او بیا بیا مونږ سیکرټری صاحب سره زه رابطه کومه۔ یو خو دا چې Auxiliary staff پکښې Appoint کول ډیر ضروری دی چې څوکیداری والا واخستې شی مالی واخستې شی او دویمه ده چې کوم Features دی ظاهره خبره ده جی هغه خو په اولنی فرصت کښې ټیچرز نه شی تلې چې کالجز ته کوم فنډ مونږ ورکوؤ چې هغه فنډ ورته فوری طور باندې ورکړی بیا ګورنمنټ بوائز کالج چمله چې دے هغه پینځو شپږو کالو نه غالباً تاسو ته ما ډیر پیرې نوټس کښې راوستل هلته هم Auxiliary چې کوم سټاف دے هغه Appoint کول ډیر زیات ضروری دی۔ دریم زمونږ اوس چې کوم کالج خودو خیل کښې د جینکو تیار شو زمونږ د حکومت د وخت اے ډی پی وه جناب چیئرمین صاحب، چې کله یو حکومت یو ادارې له نامه ورکړی که ستاسو حکومت ورکړی او که هر حکومت ورکړی د هغې په شا به څه Logic وی، هغه نامه تاسو چینج کړې ده دا ما ته مناسب نه ښکاری ځکه چې د چا حکومت وی، د کومې پارټئی هم حکومت وی ډیر سکیمونه داسې دی چې هغه روان ساتل پکار دی او که Incase په هغې کښې Changes هم تاسو کوئ نو په اخلاقی طور باندې ذمه داری دا ده چې مونږ رااوغواړئ، زمونږه علاقه ده مونږ نه تپوس اوکړئ څه وجه ده چې تاسو دا بدلوئ نو زما خیال دا دے دا درې نکتې داسې دی چې تاسو ته به ئې زه دغسې هم درکړم دا خودو خیل کالج تاسو ته به زه درکړم تاسو ته به زه درکړم دریواړه به زه هغوی ته ورکړم زه به ورته ورکړم مهربانی۔

جناب مسند نشین: Question No. 15400، جناب عنایت اللہ صاحب، عنایت اللہ صاحب، Question No. 15373-Lapsed، جناب سراج الدین صاحب، سراج الدین صاحب۔

* 15373 _ جناب سراج الدین (سوال جناب رنجیت سنگھ نے پیش کیا): کیا وزیر خوراک ارشاد فرمائیں گے کہ:

الف) صوبہ بھر میں محکمہ کے تحت اقلیتوں، معذوروں اور خواتین کی مخصوص نشستوں پر تعینات ملازمین کی ضلع اور سکیل وار تفصیل فراہم کی جائے؛

(ب) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران صوبہ بھر میں محکمہ کے تحت اقلیتوں، معذوروں اور خواتین کی مخصوص نشستوں پر تعینات ملازمین کی ضلع اور سکیل وار تعداد کتنی ہیں؛

(ج) محکمہ کے تحت اقلیتوں، معذوروں اور خواتین کی مخصوص نشستوں پر تعینات کنٹریکٹ ملازمین کی ضلع وار اور سکیل وار تفصیل فراہم کی جائے؟

(سوال کا محکمانہ جواب موصول نہیں ہوا)

جناب رنجیت سنگھ: جناب سپیکر، سپلیمنٹری کوئسچن۔

جناب مسند نشین: سراج الدین صاحب کوئسچن خو او کڑی کنہ نو۔

جناب رنجیت سنگھ: سر! وہ نہیں ہیں۔

جناب مسند نشین: آپ کریں جی۔

جناب رنجیت سنگھ: شکریہ جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب، چونکہ سراج الدین صاحب تھے نہیں لیکن یہ ہم اس پہ سپلیمنٹری کوئسچن کر سکتے ہیں تو میں یہ چاہوں گا چونکہ اس کے اندر خواتین کے حوالے سے معذور افراد اور اقلیتوں کے حوالے سے ایک کوئسچن تھا۔ میری درخواست ہے کہ یہاں پہ رولنگ تھی کہ جس سوال کا جواب نہیں آئے گا اس کو ہم کمیٹی کو Refer کریں گے تو اس میں بھی اسی قسم کی بات ہے کہ اس سوال کا جواب نہیں دیا گیا میں آپ سے درخواست کروں گا کیونکہ اس میں اقلیتوں کے خواتین کے اور معذور افراد کے حق کی بات ہے تو اس کو فوری طور پہ کمیٹی کے حوالے کیا جائے تاکہ وہاں پہ اس پر بات چیت ہو سکے۔

جناب مسند نشین: جی Concerned Minister، وزیر خوراک صاحب۔

جناب محمد عاطف (وزیر خوراک): جی اگر مجھے دوبارہ بتادیں کہ پوچھنا کیا چاہتے ہیں۔

جناب مسند نشین: منسٹر صاحب کو کسچن کا Reply نہیں آیا ہوا ہے جواب نہیں ہے۔

وزیر خوراک: نہیں جواب تو میرے پاس ہے کس چیز پہ جواب نہیں آیا یہ کہا پوچھ رہے ہیں۔

جناب رنجیت سنگھ: سر! ہمارے پاس یہاں جواب نہیں ہے تو۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: کسی کے پاس نہیں ہے۔

جناب رنجیت سنگھ: تو اس لئے میں نے ریکویسٹ کی کہ یہ رولنگ تھی یہاں پہ کہ جس ڈیپارٹمنٹ سے جواب نہیں دیا جائے گا، سپیکر صاحب کی رولنگ تھی اور پیچھے ایسا ہوتا رہا۔ میں درخواست کرتا ہوں آپ سے کہ جب جواب نہیں دیا گیا چونکہ یہ اقلیتوں کی، خواتین کی اور معذور افراد کی حق کی بات ہے تو اس لئے اس کو کمیٹی کو Refer کیا جائے تاکہ یہ ان چیزوں کے اوپر وہاں پہ بات کی جائے۔

وزیر خوراک: اچھا ایک تو آپ کو اگر جواب نہیں ملا اس کے لئے معذرت، مجھے تو یہ انہوں نے یہ ڈیپارٹمنٹ نے جواب دیا ہے تو وہ جواب بھی آپ کو مل جائے گا لیکن بہر حال جو جنہوں نے سوال کیا ہے وہ خود ہیں تو نہیں لیکن اگر آپ سننا چاہتے ہیں تو میں آپ کو جواب دے دیتا ہوں۔

جناب رنجیت سنگھ: یہ رولنگ ہے اور اس ہاؤس میں یہ رولنگ دی گئی تھی کہ جواب نہیں ہو گا تو اس کو۔۔۔۔۔

وزیر خوراک: دیکھیں پہلی بات تو یہ ہے کہ آپ جواب سن لیں تو اگر آپ مطمئن نہیں ہیں۔

جناب رنجیت سنگھ: سر! یہ ڈیپارٹمنٹ کا ان کا جواب نہ دینا میں اس چیز پہ بات کر رہا ہوں کہ ہم پہلے بھی کہتے ہیں کہ یہاں پہ مینارٹیز کے جب حقوق کی بات ہے خواتین کی بات ہے تو اس کو ہمارا اگلہ ہوتا ہے ہمیشہ یہ کہ ہاں آپ لوگ ترجیح نہیں دے رہے ہوتے اقلیتوں کی چیزوں کو ہم ہمیشہ پانچ پر سنٹ کوٹہ ہے لیکن اس میں واضح ہے اور اس پہ رولنگ ہو چکی ہوئی ہے کہ جس کا جواب نہیں آئے گا وہ سپیکر صاحب فوری طور پہ اس کو کمیٹی کے حوالے کریں گے، میں عاطف خان صاحب کے سامنے مجھے اچھا نہیں لگ رہا میں بار بار آپ کے لئے ہم بہت تو یہ رولنگ ہے میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں۔Sir thank you۔

وزیر خوراک: ٹھیک ہے نہیں نہیں ٹھیک ہے ٹھیک ہے بھیج دیں گے کوئی مسئلہ نہیں ہے ہم بالکل بھیجتے ہیں۔

Mr. Chairman: The motion before the House is that Question No. 15373 may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Question is referred to the concerned Committee. Next Question 15524, Mr. Ahmad Kundi.

* 15524 _ جناب احمد کنڈی: کیاوزیر توانائی و برقیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبہ خیبر پختونخوا کی بجلی کی مجموعی ضرورت کتنی ہے؛

(ب) صوبہ بھر میں بجلی کی کھپت کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے؟

جناب محمود خان (وزیر اعلیٰ) (جواب وزیر قانون نے پڑھا): (الف) PESCO کے تحریر شدہ جواب کے مطابق:

a. Average Demand 2893 MW.
b. Quota Allowed 1571 MW.
c. Power Utilized 1728 MW.
d. Load Management 1166 MW.

جس کی تفصیل مندرجہ ذیل لف ہے۔

(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

جناب احمد کنڈی: جی سر۔ سر، میرا بڑا بنیادی سوال تھا جو خیبر پختونخواہ کو بجلی کی کتنی ضرورت ہے اور ڈسٹرکٹ وائز ڈیٹیل دی جائے، ڈسٹرکٹ وائز ڈیٹیل تو نہیں ملی۔ میری اس میں گزارش یہ ہو گی بڑا Important issue ہے سپیکر صاحب، لوڈ شیڈنگ ہر ضلع میں بے تحاشہ ہے، Tripping ہے ہماری یہ جو ٹوٹل Consumption ہے 20893 میگاواٹ انہوں نے لکھا ہے جبکہ خیبر پختونخوا اس ٹائم پاکستان کے نیشنل گرڈ کو Round about چھ ہزار میگاواٹ سستی ترین بجلی دے رہا ہے لیکن اس کے باوجود بھی ہمیں جو ہیں ناپندرہ سو میگا واٹ ٹوٹل دی جارہی ہے، اس کو آپ صرف کمیٹی میں بھیجیں With the consent of the Minister تاکہ ہم اس پہ جاکے ایک باقاعدہ Properly ایک کچھ ریزولیوشنز لائیں اس ہاؤس کے لئے کہ کیوں وہ صوبہ جو سب سے سستی ترین بجلی بناتا ہے اس کے باوجود بھی اس کے اوپر لوڈشیڈنگ ہے اور ایک نئ Terminology use کی ہوئی ہے Forced loadshedding کی تو Kindly اس کو اگر بھیجیں گے تو بڑی ایک سیر حاصل قسم کی ایک ریزولیوشن آئے گی۔

Mr. Chairman: Concerned Minister, please.

جناب فضل شکور خان (وزیر قانون): سر، کنڈی صاحب نے بڑاGenuineان کے کونسیرنز ہوتے ہیں اور بڑیGenuine demand بھی ہوتی ہے تو اگر کمیٹی چلا جائے تو کوئی اس طرح کی بات نہیں ہے سر۔

Mr. Chairman: The motion before the House is that Question No. 15524 may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Question is referred to the concerned Committee. Next Question No. 15551. Mr. Sardar Hussain Babak Sahib.

* 15551 _ جناب سردار حسین: کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) PK-22 ضلع بونیر میں سال 17-2016 اور 18-2017 میں پرائمری، مڈل، ہائی، اور ہائیر سیکنڈری سکولوں میں پی ٹی سی کمیٹی میں والدین، اساتذہ، کونسلرز کے نام سکول وائزاور پی ٹی سی فنڈ کی بھی تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) PK-22 ضلع بونیر میں سال-2016 17 اور 18-2017 میں پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائیر سیکنڈری سکولوں میں پی ٹی سی کمیٹی میں والدین، اساتذہ، کونسلرز کے نام سکول وائزاور پی ٹی سی فنڈ کی تفصیل لف ہے۔ (مطلوبہ تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

جناب سردار حسین: مہربانی چیئرمین صاحب۔ شکریہ چیئرمین صاحب ما خو سوال کړے وو د دې پی ټی سیز کمیټو په حواله ما ته ئې جواب راکړے دے او ما منسټر صاحب له هغه Issues داسې ور هم کړل او زما امید دے ان شاء الله چې هغه به ډائریکټر صاحب له ورکړی نو ما هغه Issues دوه درې Issues وو نو ما منسټر صاحب له ورکړل او هغوی به ډائریکټر صاحب ته اووائی ان شاء الله۔ مهربانی مهربانی۔

جناب مسند نشین: مطمئن شوئ جی؟

جناب سردار حسین: جی۔

## غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

15342 _ جناب شکیل بشیر: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ یونین کونسل ڈھکی چارسدہ میں لڑکوں اور لڑکیوں کے لئے ہائی سکول موجود نہیں ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت کب تک مذکورہ علاقے کے لڑکیوں اور لڑکوں کے لئے علیٰحدہ علیٰحدہ ہائی سکولوں کے قیام کی منظوری دیں گی، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شہرام خان (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) درست نہیں۔

(ب) جواب اثبات میں نہیں کیونکہ ضلع چارسدہ یونین کونسل ڈھکی میں لڑکوں کے لئے ایک گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول ڈھکی اور ایک گورنمنٹ ہائی سکول رستم خان کلی زیم میں موجود ہے جبکہ زنانہ سائیڈ پر بھی لڑکیوں کے لئے ایک گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول ڈھکی اور ایک گرلز ہائی سکول جمروز خان کلی میں موجود ہے۔

15400 _ جناب عنایت اللہ: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) اے ڈی پی سکیم نمبر A کوڈ نمبر 170207-Establishment of 100 primary Schools (B&G 30:70) in Khyber Pakhtunkhwa کب منظور ہوئی؛

(ب) مذکورہ سکیم پر اب تک لاگت و خرچ شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ج) مذکورہ سکیم کن کن اضلاع کے لئے منظور ہوئی اور ان کے لئے کتنی رقم مختص ہے اور مدت تکمیل کیا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؛

(د) مذکورہ سکیم کے لئے اس سال اے ڈی پی میں منظور شدہ رقم کتنی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؛

(ذ) اس سکیم سے اب تک کتنے سکولز مکمل ہوئے ہیں اور کتنے سکولز زیر تکمیل میں ہیں؟

جناب شہرام خان (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) مذکورہ سکیم PDWP کے میٹنگ منعقدہ 10-11-2017 میں منظور ہوئی تھی۔ (10th Nov 2017)۔

(ب) مذکورہ سکیم کی ابتدائی مجموعی لاگت 1900.00 ملین روپے تھی، تفصیل لف ہے۔ مذکورہ سکیم پر 30 جون 2022 تک خرچ شدہ رقم 1488 ملین روپے ہے۔

(ج) مذکورہ سکیم جن اضلاع کے لئے منظور ہوئی ہے، ان میں ضلع ایبٹ آباد، بونیر، چارسدہ، چترال بالا اینڈ زیریں، دیر بالا اینڈ زیریں، ہری پور، کرک، کوہاٹ، لکی مروت، ملاکنڈ، مردان، نوشہرہ، پشاور، صوابی، سوات اور ٹانک شامل ہیں۔ مذکورہ سکیم کو اعلیٰ ترجیح والی سکیموں میں رکھا گیا ہے جن کی تکمیل کے لئے دوسے سکیموں کی نسبت زیادہ رقم مختص کی گئی ہے اور ان سکیموں کی تکمیل آنے والوں دو سال میں یقینی بنایا جائے گا۔ ضلع وائز تفصیل لف ہے۔

(د) مذکورہ سکیم کے لئے اس سال کے اے ڈی پی میں 241 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں جو کہ ایک موجودہ رقم ہے جو کہ مئی کے شروع میں اے ڈی پی بنانے کے وقت مختص کی گئی ہے۔

(ذ) اس سکیم میں اب تک 31 سکولز مکمل ہوئے ہیں 15 سکولز تکمیل کے آخری مراحل میں ہیں جبکہ باقی سکولز پر تیزی سے کام شروع ہے۔ سکیم اس سال مکمل ہو جائے گا۔

(مطلوبہ لف شدہ تفصیلات ایوان کو فراہم کی گئیں)

## اراکین کی رخصت

Mr. Chairman: Okay thank you. Item No. 3, 'Leave Applications': جناب کریم صاحب آج کے لئے 19 جولائی؛ محترمہ ثومی فلک ناز صاحبہ آج کے لئے 19 جولائی؛ محترمہ مدیحہ نثار ایم پی اے آج کے لئے 19 جولائی؛ جناب سردار محمد یوسف صاحب آج کے لئے 19 جولائی؛ جناب ارشد ایوب خان صاحب آج کے لئے 19 جولائی؛ سید فخر جہاں صاحب آج کے لئے 19 جولائی؛ جناب آصف خان آج کے لئے 19 جولائی۔ Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Leave is granted.

## تحاریک التواء

Mr. Chairman: Item No. 6, 'Adjournment Motions': Miss Nighat Yasmeen Orakzai, to please move her Adjournment Motion No. 434 in the House.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: Thank you۔ جناب چیئرمین صاحب، میری یہ جو تحریک التواء ہے یہ بالکل سیاست سے بالاتر ہے اور کیونکہ میں اس میں جو ہے کمسن بچیوں کی اور بچوں کی اور اموات کی بات کر رہی ہوں کہ دو ہفتوں سے کم عرصے کے دوران پشاور کا جو دل ہے صدر بازار میں دو چھوٹی چھوٹی بلکہ

تین بچیوں کا قتل یعنی ہر اتوار کو پچھلے تین ہفتوں سے ایک ایک بچی کا قتل ہو رہا ہے اور ایک کا نام حبا ہے اور دوسری کا نام ماہ نور ہے۔ جناب سپیکر صاحب، بچوں کے ساتھ اس قسم کے واقعات روز بروز بڑھتے جا رہے ہیں، اس لئے اس کو صوبے کے بچوں اور بچیوں کے وسیع تر مفاد میں مکمل بحث کے لئے منظور کیا جائے۔

جناب سپیکر صاحب، یہ میرے ساتھ، میرے پاس 'مشرق' کی ایک باقاعدہ طور پہ رپورٹ بھی موجود ہے جس میں کہ پشاور میں تین بچیوں کے قتل کا انہوں نے بتایا ہے۔ شہری خوفزدہ ہیں Forensic test کی رپورٹ ابھی موصول نہیں ہوئی ہیں، خفیہ اداروں سے مدد مانگ لی گئی ہے۔ پشاور میں دو دنوں کے درمیان بچی سمیت اٹھارہ افراد قتل۔ کوہاٹ گیٹ شرقی میں دو افراد قتل، کالا باڑی میں سات سالہ بچی کو جان سے مار دیا گیا۔ پھندو میں میاں بیوی کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا، تہکال میں خاتون کا قتل ہوا جناب سپیکر صاحب۔ یہ ہمارے اس شہر پشاور کے دل میں ہو رہا ہے جناب سپیکر صاحب، تو میں چاہتی ہوں کہ اس کو بحث کے لئے منظور کیا جائے تاکہ پولیس کی کارکردگی جو ہے وہ بھی سامنے آئے کہ پولیس اس میں کتنا کام کر رہی ہے کیونکہ ابھی تک ملزمان پکڑے نہیں گئے ہیں۔

<u>جناب مسند نشین</u>: Concerned Minister۔ جی شوکت صاحب!

<u>جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور)</u>: نگہت بی بی نے جو بات کی ہے بالکل یہ دو تین واقعات بڑے افسوسناک ہوئے ہیں اور یہ آپ کو یاد ہے کچھ عرصہ پہلے اس طرح کا Gang جو ہے وہ سامنے آیا تھا، مختلف جگہوں پہ اس طرح کے واقعات ہوئے تھے اور یہ واقعات اب دوبارہ پے در پے ہوئے ہیں اور اس میں کچھ ذکر جو انہوں نے کیا ہے وہ تو کچھ ذاتی دشمنی میں بھی آتی ہے لیکن یہ جو واقعہ ہوا ہے Specially ماہ نور کا اور یہ جو دوسری بچی کا انہوں نے بتایا ہے ماہ نور کا۔ اس طرح ہے کہ یہ ریلوے اس میں رہتی ہیں اور کالونی میں اور ان کا تعلق غالباً میانوالی سے ہے۔ تقریباً اس وقت تک جناب سپیکر، 149 لوگوں کو ان کی Profiling ہو چکی ہے اور 47/48 کی اب تک جو ہیں ان کا Blood لے کر ٹیسٹ کے لئے بھجوائے جا چکے ہیں۔ اس پہ جناب سپیکر، مختلف جو ہماری Investigation ایجنسیاں ہیں ان کو بھی اور Specially سپیشل برانچ اور ان کو Task دیا گیا ہے اور یہ تقریباً جو ریلوے کالونی سے لے کے ہشتنگری تک جتنے بھی سی سی ٹی وی کیمرے ہیں باقاعدہ ان کی رپورٹس تیار کی جا رہی ہیں، وہ ایک کمیٹی Specially اس کے لئے بٹھائی گئی ہے اور وہ اس کا جائزہ لے رہی ہے۔ اب تک جتنے واقعات ہوئے ہیں جناب سپیکر، چاہے وہ مردان کا واقعہ ہو، چاہے وہ حویلیاں کا ہو، چاہے وہ نوشہرہ کا واقعہ ہو پولیس ملزمان تک

پہنچی ہے اور بڑے اس میں بھی کافی جو جدید ترین آلات ہیں، ٹیکنالوجی ہے اس کا استعمال کیا جارہا ہے اور ان شاء اللہ کچھ چیزیں ان کو مل چکی ہیں اور چونکہ جو بلڈ ٹیسٹ دیئے گئے ہیں ان کے ٹیسٹ آنے ہیں تو اس لئے اس چیز کو روکا گیا ہے Otherwise کافی حد تک ملزمان تک پہنچ چکے ہیں اور ان شاء اللہ تعالیٰ یہ آپ کو بتائیں گے اور یہ اس کا صرف یہ نہیں کہ ملزمان تک پہنچنا ہے اس پہ قانون سازی بھی ہوئی ہے، اس پہ عملدرآمد بھی ہوگا ان شاء اللہ کیونکہ یہ کوئی بھی برداشت نہیں کر سکتا کہ ایک شہر میں بچے جو ہیں وہ اس طرح غیر محفوظ ہو سکتے ہیں بالکل اس پہ ایکشن بھی لیا جائے گا اور میں یقین دلاتا ہوں ان شاء اللہ۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین:</u> Detailed discussion کے لئے آپ Agree کر رہے ہیں اس سے؟

<u>وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور:</u> بالکل اگر کرنا چاہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔ یہ تو ہمارے صوبے کا Issue ہے اور ہم سب کا Issue ہے۔ اگر میں، کیونکہ Already اس پہ کارروائی ہو رہی ہے اور کچھ چیزیں ایسی ہوتی ہیں کہ وہ سامنے نہیں لائی جاسکتیں۔

<u>جناب مسند نشین:</u> Detailed discussion کے لئے۔۔۔۔

<u>وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور:</u> کیونکہ وہ کیس پر اثرانداز ہوتا ہے تو میں ریکویسٹ کروں گا کہ اگر تھوڑا سا وقت دے دیا جائے کیونکہ اس سے پہلے جتنے واقعات ہوئے ہیں سب کے ملزمان پکڑے گئے ہیں۔ تو ابھی بھی میں، جو ایس پی صاحب ہیں انہوں نے مجھے بتایا کہ ملزم تک ہم پہنچ چکے ہیں صرف ان کا جو طریقہ کار ہوتا ہے تاکہ پھر وہ چھوٹنے نہ پائے جتنے بھی شواہد ہیں وہ سارے اکٹھے کئے جارہے ہیں تاکہ کسی کو پھر وہ راستہ نہ ملے نکلنے کا۔ تو یہ میری گزارش ہے باقی اگر وہ کہتی ہیں کہ اس پر بحث کی جائے تو کوئی Issue نہیں ہے۔

<u>جناب مسند نشین:</u> جی میڈم۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> دیکھیں میں ہاؤس کی اور خاص طور پر منسٹرز صاحبان کی Respect کرتی ہوں Talented Ministers ہیں سارے ہمارے اور جو جواب دیتے ہیں وہ Correct جواب دیتے ہیں لیکن جناب عالی، اس میں میں اس لئے چاہتی ہوں کہ اس کو بحث کے لئے منظور کیا جائے کہ اس میں ہم نے جو Safe City Project ہے اس کو بھی Discuss کرنا ہے، اس کے کیمروں کو بھی Discuss کرنا ہے کہ کہاں کہاں لگے ہوئے ہیں، کہاں کہاں پر وارداتیں ہوئی ہیں، ان کو بھی ہم نے Discuss کرنا ہے۔ ہم نے Suggestions دینی ہیں ہم نے یہ نہیں کہنا ہے کہ ہمیں ملزموں تک

رسائی دی جائے، وہ قانون کا کام ہے، وہ پولیس کا کام ہے، وہ ایڈمنسٹریشن کا کام ہے، وہ سی ایم صاحب کا کام ہے، وہ کام Home کا ہے وہ ہمارا کام نہیں ہے۔ ہمارا کام ہے کہ یہاں پہ ایک چیز کو مطلب Highlight کرنا اور اس پہ Suggestions دینا کہ پولیس کو اس میں کیا کرنا چاہیئے۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے میڈم۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تاکہ ہم پولیس کو اچھے Suggestions دے سکیں۔

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے میڈم۔ The question before the House۔۔۔۔۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: صرف اس کو Specific نہ رکھا جائے Overall کرلیں تاکہ اس پر اثر انداز نہ ہو، میری گزارش ہو گی کیونکہ مجھے انہوں نے یہی ریکویسٹ کی ہے کہ کافی حد وہ پہنچ چکے ہیں مجھے کچھ ٹائم۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: اس میں بہت سی چیزیں بی بی۔۔۔۔۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: میں صرف ریکویسٹ کرتا ہوں۔

جناب مسند نشین: بہت سی چیزیں مانگ رہی ہیں اس میں نا اس کے علاوہ بھی۔۔۔۔۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: نہیں نہیں، بالکل بحث امن وامان پر کرلیں اس حوالے سے بھی کریں لیکن Specific ایک Issue کو نہ اٹھائیں Overall کرلیں بالکل مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! میں چاہتی ہوں، سر! میں چاہتی ہوں کہ اس کو، دیکھیں یہ ہاؤس کے لئے کھول لیں اس میں تمام لوگ اپنی Suggestions دیں تاکہ ہم پولیس کے ہاتھ مضبوط کریں ہم چاہتے ہیں کہ یہ دیکھیں Zainab Alert Bill ابھی تک اس ہاؤس میں نہیں آ چکا۔ بچوں کے جو واقعات کا جو ہم نے یہاں پر Protest کیا Treasury Benches کی عورتوں نے اور یہاں پر اپوزیشن کی عورتوں نے کیا تھا وہ چائلڈ کمیٹیاں بنی تھیں اس کا ابھی تک بل نہیں آ سکا جناب سپیکر صاحب! میں سمجھتی ہوں کہ اس پر سیر حاصل گفتگو کی جائے تاکہ ہم لوگ پولیس کے ہاتھ مضبوط کر سکیں، ہم حکومت کے ہاتھ، باقی مجھے نہیں ہے میں نے تو اپنا Point of view دے دیا ہے کہ ہم اس میں پولیس میں کیسے مضبوط، دیکھیں ہمارے پاس Forensic Lab نہیں ہے، Forensic Lab کے لئے باہر بھیجتے ہیں۔۔۔۔۔

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: ٹھیک ہے جناب سپیکر۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تواس میں بہت سی ایسی باتیں ہیں کہ ہم Suggestions دے سکتے ہیں۔

جناب مسند نشین: میڈم! اس پر تھوڑا ساٹائم دے دیں گے، تھوڑا ساٹائم دے دیں گے ان کو پھر بعد میں خیر ہے کرلیں گے Detailed discussion ہو جائے گی اس پر۔ جی منسٹر صاحب!

وزیر محنت، ثقافت و پارلیمانی امور: بالکل اس کو بھیجا جائے میں یہ کہہ رہا ہوں کہ اس پہ بحث ہونی چاہیئے، بحث ہو جائے۔ میڈم! میں صرف یہ گزارش کروں گا آپ بحث کرلیں لیکن Overall کرلیں پولیس کے اس کے جو بھی جتنے واقعات ہوئے ہیں یا اس طرح کے واقعات ہوتے ہیں اس پر آپ بحث کرلیں میں یہ کہہ رہا ہوں کہ Specific اس کو ٹارگٹ نہ کریں بالکل آپ کرلیں امن وامان ہے جو بھی حالات ہیں بالکل ہم تیار ہیں مزید آپ کو جواب بھی مل جائے گا۔

Mr. Chairman: The question before the House is that the Adjournment Motion, moved by the Honorable Member, may be admitted for detailed discussion? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. The Adjournment Motion is admitted for detailed discussion.

منور خان صاحب۔ آپ NHA کے بارے میں کچھ کہنا چاہ رہے تھے لیکن یہاں پہ آپ کو جواب کون دے گا NHA کا۔

جناب ہمایون خان: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب مسند نشین: ہمایون خان۔

جناب ہمایون خان: شکریہ جی۔ جناب چیئرمین صاحب، بہت شکریہ۔

جناب مسند نشین: NHA کے بارے میں آپ کو کسچن کرنا چاہتے ہیں کو کسچن کا جواب کون دے گا؟

جناب ہمایون خان: بس ہم مرکزی حکومت سے کیونکہ ایک Public issue ہے آج کل بہت بڑا مسئلہ پیدا ہوا ہے تھوڑا میں بیان کرلوں جو بھی Concerned ہوا۔

جناب مسند نشین: یہاں پہ کوئی Concerned نہیں ان کا NHA کا کون Concerned ہے؟

ایک رکن: ریزولیوشن لے آئیں۔

جناب ہمایون خان: نہیں نہیں ریزولیوشن کے لئے ٹائم لگے گا۔

جناب مسند نشین: پھر ریزولیوشن آپ لے آئیں۔

جناب ہمایون خان: ریزولیوشن کے لئے پھر کارروائی ذرا معطل کرلیں۔

(قہقہے)

جناب مسند نشین: ریزولیوشن لے آئیں پھر کرلیں گے آپ ریزولیوشن تو لے آئیں ناجی۔

## توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Chairman: Item No. 7, 'Call Attention Notices': Miss Shagufta Malik, MPA to please move her Call Attention Notice No. 2440 in the House.

محترمہ شگفتہ ملک: Thank you Chairman Sahib۔ میں وزیر برائے محکمہ سوشل ویلفیئر کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتی ہوں اور وہ یہ کہ محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر نگرانی اے ڈی پی سکیم کے تحت دستکاری سنٹروں کی باقاعدہ منظوری دی گئی تھی اور ان دستکاری سنٹروں میں تقریباً تین سو پندرہ مرد و خواتین سٹاف کو بھرتی کیا گیا تھا اور ان سنٹروں کی وجہ سے کئی غریب اور نادار لوگ روزگار پر تھے اور مذکورہ سٹاف نے تقریباً چھ سال محکمہ سوشل ویلفیئر کے لئے کام کیا لیکن اب موجودہ حکومت نے ان غریب ملازمین کو نوکری سے فارغ کر دیا۔

چیئرمین صاحب! زه لږه په دې باندې خبره کوم دا ډېر مهم Issue ده۔ تاسو ته پته ده چې څومره هم د سوشل ویلفیئر Under دا دستکاری سنټرې دی جی نو د ټولو نه اولنئ خبره خو دا ده چې پکار دا ده چې زیات نه زیات دا سې دستکاری سنټرې چې دی هغه په هره ضلع کښې پکار وې چې دا په دې تیرو دریو کالو کښې په بجټ کښې د دې د پاره پیسې ایښودې شوې وې خو چې کوم Already موجوده چې کوم دستکاری سنټرې وې تاسو ته پته ده چې په هغې کښې درې څلور دا سې کسان وو چې هغې کښې زیات تر Job چې دے هغه د فیمیل دے ، که هغه مونږ د ټیچر خبره کوؤ که په هغې کښې آیا وی که هغه پکښې کلاس فور دی او د دې سره سره ډېره زیاته مهمه خبره دا ده چې په دیکښې هغه فیمیل هغه جینکئی چې کوم سکولز کالجز نه فارغ شی او هغوی بیا څه قسمه زده کړه غول غواړی نو هغوی بیا په دغه سنټرو کښې کوی نو دا ډېره زیاته ضروری ده او په خاص توګه باندې زمونږه هغه ایریاز چې چرته کښې د روزګار ډېرې زیاتې مسئلې دی، چرته د پیښور غوندې نور زیات Access نشته نو پکار خو دا وه چې دا زیاتې شوې وې، دا پروموټ شوې وې په دې باندې ډېر کار شوې

وې او په بجټ کښې د دې د پاره نور زيات Allocation شوې وې خو د بدقسمتۍ نه چې کوم Already په نورو حکومتونو کښې وې نو هغه چې دی نو هغه هم دوئ ختم کړلې او دغه خلق چې دی دا د نوکرئ نه، تاسو اوګورې چې 315 کسان چې دی دا د نوکرئ نه فارغ شوی دی۔ نو يو طرف ته خو مونږه د روزګار خبرې اؤرو چې روزګار ملاوېږی او بل چې دے تاسو اوګورئ چې په ديکښې کوم حالات دی نو منسټر صاحب د خبره اوکړی نو بيا به پرې مونږه دغه اوکړو۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب۔

جناب منور خان: جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: جی جی۔ منسټر صاحب يو منټ۔ منسټر صاحب يو منټ منور خان صاحب څه وئيل غواړی۔

جناب منور خان: ډيره مهربانی جناب منسټر صاحب۔ دا کوم Call Attention سپيکر صاحب چې کوم ميډم راوړے دے ، په دې سلسله کښې زما په خيال چې دا کوم کسان وو هر ايم پی اے سره ئې کړے دے چې چهٔ کاله يو کس نوکری اوکړی او بغير د وجوهات، بغير څه د نوټس ته هغه د خپل سروس نه فارغ کړې نو تاسو په دې باندې خپله سوچ اوکړئ چې يره هغه کس نه بلې نوکرئ ته هم اوس تلې شی او تا هم د دې نوکرئ نه اوباسلو۔ دستکاری چې کوم دے دا دفترې دا د ويلفيئر والا چې کوم دغه دی نو هغه خو په هر ډسټرکټ کښې موجود دی په هر تحصيل ليول باندې موجود دی نو دا ډيره د افسوس خبره ده چې 315 کسان په يکمشت باندې ته د نوکرئ نه فارغ کړې او بيا چهٔ کاله، چهٔ کاله دې کسانو نوکری کړې ده۔ نو زما به ريکويسټ وی منسټر صاحب ته چې په دې باندې د همدردانه غور اوکړی۔ جناب سپيکر صاحب، دا ريکويسټ تاسو ته کوؤ او منسټر صاحب ته هم دا ريکويسټ کوؤ چې دا د کميټی ته Refer کړی او په دې باره کښې په هغې کښې باقاعده ډسکشن اوشی جی۔ Thank you۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب۔ جی منسٹر صاحب۔

جناب انور زیب خان (وزیر زکواۃ عشر سماجی بہبود وترقی نسواں): جناب سپیکر صاحب، میڈم کی جو Call Attention ہے اس کا جواب تو ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے آیا ہے۔ "خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع سے

نادار خواتین معاشی ترقی اور باعزت روزگار کی خاطر محکمہ سوشل ویلفیئر نے ایک اے ڈی پی سکیم خیبر پختونخوا دستکاری سنٹر شروع کیا تھا تاکہ یہ نادار خواتین پیشہ ورانہ تربیت حاصل کر کے باعزت طریقے سے روزگار حاصل کر سکیں۔ یہ سکیم پی ڈی ڈبلیو پی نے 03-09-2015 کو 301.28 ملین کی لاگت سے منظور کیا اور ان سنٹروں میں کام 17-2016 میں شروع ہوا تھا۔ اس سکیم کی میعاد 30-06-2020 تک تھی اس کے بعد یہ سکیم اے ڈی پی سے ہٹایا گیا لیکن جناب وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی ہدایات کی روشنی میں اس سکیم کو ایک سال کے لئے یعنی 01-07-2020 سے 30-06-2021 تک ان پراجیکٹ کے ملازمین کو تنخواہوں کی ادائیگی کے لئے جاری کر دیا۔ اس سکیم کو جاری رکھنے کے لئے محکمہ خزانہ کو گزارش کی گئی کہ اس پراجیکٹ کو ریگولر بجٹ میں تبدیل کیا جائے اور ان ملازمین کے سروسز کو ریگولرائز کیا جائے لیکن محکمہ خزانہ نے معذرت کر لی۔ مزید براں ان ملازمین نے ہائی کورٹ پشاور میں ایک کیس 2021 ڈبلیو پی نمبر 4405 بھی مسمیٰ سلمیٰ اشفاق اور دیگر نے کیس دائر کیا۔ پشاور ہائی کورٹ نے اس کیس کو میرٹ پر خارج کیا تھا اور آرڈر شیٹ مورخہ 18-05-2022 ان پر منسلک ہے۔ درجہ بالا وجوہات کی وجہ سے ان ملازمین کو سروسز پر بحال رکھنا محکمہ سوشل ویلفیئر کے لئے ممکن نہیں تھا"۔

سپیکر صاحب! په دیکښې زما Already نن د چیف منسټر صاحب سره هم خبره شوې ده چونکه دا Project basis، یواځې دا پراجیکټ نه وو دا مختلف پراجیکټې وې څه بحال شو مستقل بنیادونو باندې څه پراجیکټې پاتې دی خو زمونږ ه فنانس منسټر صاحب اوس په دې موقع باندې نشته دے هغوی ته Already مونږه ریکویسټ کړے وو چې یره دا مونږ له باقاعده په اے ډی پی کښې شامل کړئ خو هغوی چونکه معذرت اوکړو نو زه لګیا یمه خپل کوشش کومه چې څه نه څه دا خلق مونږهFacilitate کړو او بحال ئې کړو خو سوشل ویلفیئر ډیپارټمنټ سره دومره بجټ نشته دے جناب سپیکر صاحب، چې مونږه په خپل بجټ کښې دا خلق یعنی دغه کړو سپورټ ئې کړو۔ نو زه کوشش کوم Already، منور خان صاحب چې کومه خبره اوکړه نو په هغې باندې۔۔۔۔

<u>جناب منور خان</u>: زما د خبرو جواب۔ دا جی ډیر غریبانان خلق دی۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی منسٹر صاحب۔

وزیر زکواۃ عشر سماجی بہبود و ترقی نسواں: د منور خان صاحب د کوئسچن جواب خو Already زما په دې سوال کښې موجود دے چې زه Already د دې د پاره لګیا یمه چونکه دا زما منسټری ده، زما ډیپارټمنټ دے ما د Overall خومره چې د Merged اضلاع پراجیکټ ملازمین وو هغې کښې چې ما کومې هلې ځلې کړې دی، کومې منډې ترړې ما وهلې دی نو هغه دې ټول هاؤس ته پته ده، د ټول Merged اضلاع ته پته ده نو زه Already په دیکښې لګیا یمه زما به کوشش دا وی دوئ د هم زما سره یو میټنګ اوکړی، ما له د خپل تجاویز راکړی فنانس منسټر صاحب ته کښینو ولې چې دا څنګه منور خان صاحب خبره اوکړه زه د دې سره Hundred percent agree یمه چې دا ډیر غریبانان خلق دی۔ بل د دې سنټرو مونږ ته د دې وخت مطابق ډیر زیات ضرورت دے ، نو دا مونږه ټولې فعال ساتل غواړو۔ باقی سوشل ویلفیئر ډیپارټمنټ اوس چې کوم بجټ مونږ ته ملاؤ شوے دے په هغې کښې ځلور مونږه ماډرن سنټرې مقرر کړی دی چې په هغې کښې به باقاعده کمپیوټر دا ټول څیزونه به پکښې موجود وی نو ان شاء اللّٰہ چې مونږه Already لګیا یو د دې د پاره، په دې باندې کار کوؤ، دوئ به باقاعده منور خان صاحب سره به زه کښینم د دوئ نه به زه تجاویز واخلمه دوئ به پکښې هم ما له ښه تجاویز راکړی، زما Help به اوکړی خو زه بحیثیت منسټر دا غواړمه چې زما د ډیپارټمنټ دا کوم کسان متاثره شوی دی چې دا مونږه ریګولر کړو او دا په ریګولر سطح باندې مونږه واخلو۔ Thank you۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر!

جناب منور خان: جناب سپیکر!

جناب مسند نشین: بابک صاحب، جی منور خان صاحب۔ تاسو دوئ سره کښینئ کنه۔

جناب منور خان: نه جی زه به دا اووایم چې سپیشل کمیټی جوړه شی په هغه کمیټئ کښې د سینیئر کسان چې کوم دی د ګورنمنټ د طرف نه او د اپوزیشن د طرف نه۔۔۔۔

جناب مسند نشین: منسټر صاحب Agree دے تا سره Already کنه؟

جناب منور خان: دا به منسټر صاحب ته يو سپورټ ملاؤ شي۔ نو هغه به بيا چې هغه رپورټ به اسمبلئ ته راشي او اسمبلی، مطلب دا چې دا شے۔۔۔۔

جناب مسند نشين: منسټر صاحب تاسو سره Already agree دے بس کښينئ۔

جناب منور خان: نه، کميټی چې تاسو اناؤنس کړئ نو هغې کښې به دا وی چې دوئ ته به د کميټئ طرف نه د اسمبلی طرف نه يو سپورټ ملاؤ شی زما دا ريکويسټ دے جی۔

جناب مسند نشين: جی منسٹر صاحب!

وزيرزکواۃ عشر سماجی بہبود و ترقی نسواں: زما د خيال مطابق جی کميټئی سره زه نه Agree کيږمه باقی د کميټئی په ديکښې ضرورت نشته۔ منور خان صاحب د کښېنی که مونږ ئې حل راا ونويستو، ما ئې حل راونويستو په دې مسئله کښې زه فيل راغلمه بيا به ئې کميټئی ته Refer کړو خو ټهيک ده خو فی الحال د کميټئی د Refer کيدو زما په خيال باندې ضرورت نشته Already په ديکښې زما خبره شوې ده۔ تاسو يو ميټنګ زما سره کيږدئ نور ملګری به مې کښېنی د اپوزيشن هغه هم دے زما سره کښېنئ چې د مسئلې که Combined طريقه باندې څه حل راا وباسو سر۔

جناب مسند نشين: ټهيک شو ټهيک شو۔ Mr. Shafiq Afridi, MPA to please move his Call Attention Notice No. 2441 in the House.

(Interruption)

جناب مسند نشين: وروستو به پرې General discussion وروستو اوکړئ۔

(مداخلت)

جناب مسند نشين: بابک صاحب! ايجنډا ډيره ده په دې Discussion به اوکړئ۔ روکاوؤ ئې نه ټائم لږ شارټ دے ايجنډا غټه ده۔ منسټر صاحب ښه تفصيلی جواب ورکړو بابک صاحب کنه، لږ شارټ کړئ بيا بابک صاحب!

جناب سردار حسين: دا رويه خو ډيره نامناسبه ده۔

جناب مسند نشين: نه ډير پرون غوندې اوږد پرې مه ورځئ۔

جناب سردار حسین: دا سې یو ممبر د اسمبلئی د بزنس نه ته Stop کوې دا تا سو څه Message ورکوئ ؟

جناب مسند نشین: Stop کوه مه شارټ ئې کړه۔

جناب سردار حسین: دا رویه Avoid کړئ، دا رویه Avoid کړئ۔

جناب مسند نشین: شارټ کړه۔

جناب سردار حسین: جناب سپیکر! منسټر صاحب زه نه منم چې ولې دومره بې اختیاره دے۔ دا منسټری د دې حکومت ده مونږ ګورو چې په انفارمیشن ډیپارټمنټ کښې خو تا سو چوده سو کسان د څه مقصد د پاره اخلئی پچیس پچیس ہزار روپئ ماهانا تنخواه باندې هغه ما واضح کړې وه خو دا سنټرې جناب چیئرمین صاحب، د عوامی نیشنل پارټئی په دور کښې په هره علاقه کښې به یو یو سنټر وو، په هغه علاقه کښې چې کومې کونډې وې زنانه، غریبانان وو، بې کسه وو، هنر به ئې ورته ورکولو، دا سنټرې هم دوئ بندې کړې، دوئ خو د ملازمینوں د مستقلئی خبرې کوی، په دې سنټرو کښې به په شپږو میاشتو کښې په هره علاقه کښې په سوؤنو خلق په روزګار کیده، هنر مندان کیده به، هغه سنټرې ئې بند کړی دی۔ منسټر صاحب وائی چې ما فنانس ته کیس اولیږو او فنانس ما سره نه Agree کوی۔ ستا د حکومت Political will کوم ځائې کښې دے ، دا خو د حکومت فیصلې وی یعنی ته کارخانه هم د بجلئی د لوډ شیډنګ په وجه او د ګرانې بجلئی په وجه بنده شوه، کاروبار هم ختم شو او د حکومت سره د غیر ضروری Activities د پاره خو پیسې شتې خو چې په دې صوبه کښې به په زرګونو زنانه کونډې هنرمندانې کیدې او بیا به ئې ځان له په کور کښې کفالت د خپلو بچو کوؤ، زه نه پوهیږم چې بیا د کمیټئی هم خلاف دے ، دا کوم جواز لری او آیا د دې نه دا خبره نه واضح کیږی چې د حکومت په نیت او اراده کښې د اولس د فلاح د پاره څه دی۔ جناب چیئرمین صاحب، دا بزنس دے د دې اسمبلئی زه نه پوهیږم چې حکومت د دې ولې خلاف دے چې کمیټئی ته د لاړ شی۔ پکار دا ده که ته یو طرف ته د خلقو نه هنر اخلې، هنر ترینه ته اخلې، بل طرف ته ته د سرکاری ملازمینو نه سی پی فنډ او جی پی فنډ واخلې، بل طرف ته دا ایمپلائز

چې دی د Permanent په ځائې ایډهاک باندې بهرتی کوئ نو زه نه پوهیږم چې بیا دا د حکومت کومه پالیسی ده جناب چیئرمین صاحب، په دې باندې وزیر خزانه صاحب ناست دے، په دې د حکومت دومره پیسه نه لګی، په دې کلو کښې کونډې زنانه خزې هنر مندانې کیږی۔ پکار دا ده چې وزیر صاحب هم وزیر شی دا ستا حکومت دے، دلته بې روزګارئ ته اوګوره دلته ګرانئی ته اوګوره دلته بدامنئی ته اوګوره او هنر د خلقو نه اخلئی نو ورکوئ ورله څه؟ جناب چیئرمین صاحب، دا ډیره Serious خبره ده او حکومت ته مونږ خواست کوؤ چې دا سکیم د سټارټ کړی، که ملازمین نه مستقل کوی هغه ځان له Issue ده خو سنټر بندول دا د یو کال نه نه دی دا خو چې د کله نه د دوئ حکومت راغلې دے د ځلورو پینځو کالو نه یو دوه کاله چلیدو تنخواګانې نه ملاویدې بیا چې د دوئ حکومت راغلې دے نو هغه سنټرې ئې بندې کړی دی۔

جناب مسند نشین: څه وائی؟

جناب سردار حسین: کمیټئی ته ئې واستوئ۔

جناب مسند نشین: داسې به اوکړو بیا به ئې دغه ته هاؤس ته Put کړو، هاؤس ته به ئې Put کړو نو بیا هلته کښې پرې ووټنګ اوکړئ۔ The motion before the House is that Call Attention No. 2440 may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

ښه چې څوک کاؤنټنګ، کاؤونټنګ د پاره د پاځی چې څوک، څوک، څوک چې د دې Favour کښې دی د Call Attention Notice چې دا د کمیټئی ته لاړ شی هغه د پاځی۔ چې څوک Favour کښې دی چې دا Call Attention Notice کمیټئ ته د Refer کولو د پاره د پاځی۔

(اس مرحلہ پر جواراکین تحریک کے حق میں تھے وہ اپنے نشستوں کے سامنے کھڑے ہو گئے)

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب مسند نشین: Ten، چې څوک، څوک د دې، منسټر صاحب! بابک صاحب! تاسو پلیز۔ اوس چې څوک د دې Against دی هغه دې پاځی، چې څوک Against دی۔

(اس مرحلہ پر جوارا کین تحریک کے مخالف تھے وہ اپنے نشستوں کے سامنے کھڑے ہو گئے)

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

Mr. Chairman: 33. The motion is defeated; the motion is defeated by 33 number. Mr. Shafiq Afridi MPA to please move his Call Attention Notice No. 2441 in the House.

جناب شفیق آفریدی: Thank you ۔جناب سپیکر صاحب، میں وزیر برائے محکمہ آبنوشی کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور یہ کہ محکمہ پبلک ہیلتھ کا ایک اہم اور بنیادی کام عوام کو صاف پانی کی فراہمی ہے۔اس سلسلے میں پبلک ہیلتھ پوری جانفشانی سے نہ صرف ضم اضلاع میں بلکہ صوبے کے دوسرے اضلاع میں بھی متعدد سکیموں پر کام کر رہی ہے لیکن بد قسمتی سے ضم اضلاع کے عوام کا حصہ اس سے مستفید نہیں ہو رہا ہے کیونکہ 1995 میں پبلک ہیلتھ نے ایک پالیسی بنائی تھی جو SAP (Social Action Programme) کی جو پالیسی متعارف کروائی تھی وہ ضم اضلاع میں صوبے کے دوسرے ضلعوں کے برعکس ابھی تک نافذالعمل ہے۔اس پالیسی کے تحت ٹیوب ویل یا پانی کے کسی بھی منصوبے پر بھرتی کا عمل رک گیا اور سکیم کی دیکھ بھال، چلانے اور مرمت کی ذمہ داری متعلقہ لوگوں کے سپرد کی گئی۔ چونکہ یہ ایک ناقابل عمل پالیسی تھی اور اس کی وجہ بہت سارے منصوبے تکمیل کے بعد آپریشن اور مرمتی فنڈز کے نہ ہونے کی وجہ سے رک گئے اور سرکار کے کروڑوں بلکہ اربوں کے منصوبے ضائع ہونے لگے۔ لہذا بعد میں اس پر نظر ثانی کی گئی اور 08-2007 میں اس پالیسی کو واپس لیا گیا اور صوبے بھر میں سوائے ضم اضلاع کے 1995 سے لیکر 08-2007 تک پانی کے تمام منصوبوں پر آپریٹرز، چوکیدار اور وال مین کی بھرتیاں ہوئیں اور باقاعدگی سے مرمتی M&R کے لئے فنڈز کا اجراء بھی کیا گیا اور یہ تمام سکیمیں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی تحویل میں چلی گئیں لیکن بد قسمتی سے ضم اضلاع میں آج بھی وہی فرسودہ پالیسی نافذالعمل ہے۔ ضم اضلاع میں آج بھی کسی سکیم پر کوئی آپریٹر بھرتی نہیں ہوتا اور Maintenance کے لئے کوئی فنڈز نہیں ملتا بلکہ سسٹم تو یہ ہے کہ 1995 سے پہلے بھرتی شدہ اہلکاروں کی ریٹائرمنٹ کے بعد ان خالی آسامیوں پر دوبارہ بھرتی بھی نہیں ہو سکتی۔

جناب سپیکر صاحب، ستاسو ډیره مننه، دا ډیره Sensitive issue ده۔ سپیکر صاحب، چونکه زمونږ داسې سکیمونه دی د Ex-FATA او Specially د باجوړ نه واخله تر وزیرستان پورې چې یو یو سکیم تقریباً د 80 لاکھ 85 لاکھ، 90 لاکھ روپو باندې یو یو سکیم کیږی، صرف د هغې وجې چې مونږ کله هم

دلته د یو لاکھ، د یو نیم لاکھ روپو یو مشین یا واټر پمپ خراب شی نو د بد قسمتئ نه زمونږ د 80 لاکھ، 85 لاکھ روپئ د حکومت ضائع کیدو طرف ته روان وی۔ هغه وجه ده جناب سپیکر صاحب، چې مونږ کله هم په کوم ځائې کښې Need basis باندې مونږ ټیوب ویل اوکړو هغه سکیم Approve شی خو په هغې کښې چې کوم کمیونیټی والا خلق دی جی یا خو جی تقریباً د یو کنال نه واخله تر دوه کناله لینډ ورته لګی او د دې وجې نه چې کوم دے کنه مونږ ته هیڅ قسم Land compensation نه ملاویږی خو مونږ دا وایو چې که Land compensation نه ملاویږی نو حکومت د طرف ته مونږ د هغوی نه دا التجاء کولې شو، استدعا کولې شو چې دا مهربانی اوکړی چې کم ازکم د هغه خلقو د حوصله افزائی د پاره د M&R چې بیا مرمت دے کار د پاره چې کوم دے مونږ ته یو فنډ مخصوص شی۔ جناب سپیکر، په دیکښې زمونږ نوره هم Benefit دا دی چې که خدانخواسته مونږ هغه یو لاکھ، یو نیم لاکھ یا دوه لاکھ روپئ ور نه کړو نو هغه کوم ځائې کښې چې ټیوب ویل اوشی، هغه خلق بیا Independently دا Claim کوی چې دا زما پراپرټی ده۔ د هغې وجې نه چې کوم دے د هغې Community ته ډیر زیات تکلیف رسیږی په دغه هقله باندې۔ نو مونږ دا وایو Concerned ته، منسټر صاحب زما د پاره ډیر قابل قدر دے هغوی له دا پکار دی چې دا ډیره Sensitive issue ده او په دې باندې As soon as possible ځومره ځنګه چې په دې Settled area کښې د 2007 نه بعد دا پالیسی بیا دوباره لاګو شوې ده نو مهربانی د اوکړې شی چې په Newly merged districts کښې هم دغه پالیسی د دوباره دلته راؤړې شی او Implement شی جی۔ .Thank you۔

<u>جناب مسند نشین:</u> جی شکیل خان۔

<u>جناب شکیل خان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ):</u> جناب چیئرمین، د شفیق آفریدی صاحب چې کوم Call Attention دے هغه زه سپورټ کوم هم او د ده خبره بالکل Genuine ده، د ده خبره بالکل Genuine ده او په دې Already مونږ کار روان کړے دے چې کله جولائی 2020 کښې Merger دا Process complete شو نو مونږه بیا Summary move کړې وه او هغه فنانس کښې Still pending ده۔ بیا

مونږه د Recruitment کومه پالیسي چې ده هغه مونږه Revised کړه او زه د چیف منسټر صاحب هم شکریه ادا کوم چې هغه خپل Budget speech کښې هغه Announced کړه Already، نو زه ایم پی اے صاحب تا دا تسلي ورکوم چې ان شاء الله میاشت دوه کښې چې خومره د ایک هزار، 1068 VDOs سکیمونه Merged areas کښې چې په هغې باندې آپریشنل سټاف نشته او چې آپریشنل سټاف نه وي نو سروسز ډیلیوریز نه شي کولې۔ نو په هغې باندې مونږ Already 1794 positions summary move کړې ده، اوس مونږ پالیسي هم Revise کړه، فنانس منسټر صاحب ناست دے هغه ته به زما هم دا ریکویسټ وي چې د هغه Positions مونږ ته خومره زر Sanction کیدې شي چې دا پرابلمز او د Issues حل شي۔ مهرباني جي۔

Mr. Chairman: Thank you.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا یونیورسٹیز مجریہ 2022 کا متعارف کرایا جانا

Mr. Chairman: Item No. 8, 'Introduction of Bill': The Minister for Higher Education, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2022 in the House.

(Interruption)

جناب مسند نشین: یو منټ، یو منټ، Introduce کړئ پلیز۔

Mr. Kamran Khan Bangash (Minister for Higher Education): Mr. Speaker!

جناب مسند نشین: یو منټ، تاسو پلیز۔

Minister for Higher Education: I intend to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2022 in the House.

Mr. Speaker: The Bill stands introduced.

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا ٹیچرز (اپوائنٹمنٹ اینڈ ریگولرائزیشن آف سروسز) مجریہ 2022 کا متعارف کرایا جانا

Mr. Chairman: Additional agenda item: Item No. 8A, 'Introduction of Bill': The Minister for Elementary & Secondary Education, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Teachers (Appointment and Regularization of Services) Bill, 2022 in the House.

<u>جناب شہرام خان (وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم)</u>: Introduce ۔Sorry, thank you

کومہ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ I beg to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Teachers (Appointment and Regularization of Services) Act, 2020 in the House please, 2022 in the House, please.

<u>Mr. Chairman</u>: The Bill stands introduced.

## مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا میڈیکل آفیسرز آف ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ (ریگولرائزیشن آف سروسز) مجریہ 2022 کا متعارف کرایا جانا

<u>Mr. Chairman</u>: Item No. 8B. The Minister for Health, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Medical Officers of Health Department (Regularization of Services) Bill, 2022 in the House.

<u>Mr. Taimur Saleem Khan (Minister for Finance & Health)</u>: Mr. Speaker, I request to introduce the Khyber Pakhtunkha, Medical Officers of Health Department (Regularization of Services) Bill, 2022 in the House.

<u>Mr. Speaker:</u> The Bill stands introduced.

جی نگہت بی بی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر، میں صبح سے میرے بعد ان کو بھی ٹائم دیجیئے گا ان کا بھی ضروری کام ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں صبح سے چونکہ آج کنڈی صاحب یہاں پہ موجود ہے اگر ہاؤس میری طرف توجہ ہو جائے تو مہربانی ہو گی۔

<u>جناب مسند نشین</u>: جی۔House in order, House in order, please۔ جی میڈم۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: سر، فنانس منسٹر اور وزیر تعلیم آپس میں کوئی بہت زیادہ Important گپ لگا رہے ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، میں صبح سے آپ کو کہہ رہی تھی اور صبح سے آپ کے پاس جواب، سوال بھی بھیج رہی تھی کہ کنڈی خاندان کے ساتھ ایک ایسا حادثہ ہوا کہ جس میں عید کے دنوں میں ان کے ماموں اور سلنڈر پھٹنے سے ان کے ماموں، ان کی اہلیہ اور ان کی پوتی ج شہید ہو گئیں اور چار لوگ جو ہیں ان کو جب لیڈی ریڈنگ ہاسپیٹل، ان سب کو جب لیڈی ریڈنگ ہاسپیٹل لے جانے لگے تو اس وقت یہ تین لوگ تو شہید ہو گئے اور پانچ لوگ ابھی تک لیڈی ریڈنگ ہاسپیٹل میں تشویشناک حالت میں ہیں۔ تو جناب سپیکر، سب سے پہلے تو یہ ہوتا ہے کہ اگر ہم، جو Ex ہمارے MPAs ہیں۔ ان کے لئے بھی دعا کرتے ہیں ہم لوگ لیکن موجودہ لوگ ہوتے ہیں اور اگر ان کے رشتہ دار فوت ہو جاتے ہیں تو یہ اس ہاؤس

کا یعنی اس ہاؤس کی ایک روایت ہے کہ اگر ایک بندہ موجود ہے تو ان کے لئے پہلے دعا نہیں ہوئی ہیں۔ تو آج میں صبح سے آپ کو کہہ رہی ہوں کہ سب سے پہلے ان کے ساتھ دعا کریں وہ آج موجود ہیں۔ تمام ہاؤس ان کے ساتھ ہمدردی کرے، تعزیت کریں اور ان کے جو لوگ زخمی ہیں ان کے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کو جلد از جلد صحت یابی عطا فرمائے۔ یہ فیصل کنڈی صاحب اور احمد کنڈی صاحب کے ماموں اور ان کی اہلیہ اور ان کی پوتی وفات پا چکی ہیں اور باقی جو ہاسپیٹل میں جو ہیں تو وہ زیر علاج ہیں تو یہ تو میں صبح سے آپ سے Request کر رہی تھی۔

<u>جناب مسند نشین:</u> جی منور خان صاحب! آپ دعا فرمائیں ان کے لئے، آپ کریں دعا۔ بہادر خان صاحب! تاسو کوئ دعا ورته۔ دعا ورته اوکړه۔ څه دعا ورته اوکړه کنه نو۔

<u>جناب منور خان:</u> ما نه خو جی تاسو لکه چې مولانا جوړ کړو یار۔ زه خوتقریباً تاسو۔ بهر حال بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ اللّٰه د دوئ دا ځومره بيماران دی هغه د دغو ته اللّٰه تعالیٰ شفاء ورکړی او چې کوم وفات شوی دی هغوی ته د اللّٰه مغفرت اوکړی۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین:</u> جی بہادر خان صاحب! تاسو څه وايئی؟

<u>جناب بہادر خان:</u> سپيکر صاحب، زمونږه دې ډسټرکټ کښې دا ډيره يو زړه او اهمه مسئله ده د Revenue ما يو Question refer کړے وو کميټئ ته په 20 کښې په 20-2019 او هغه د دې وخته پورې، هغه نه پکښې ميټنګ راااوغبنتې شو او نه د هغې څه پته اولګيده۔ دا د خان او د نواب او د سرکار او د مضارعين او د قبضه ګرو او د نوکرانو په مينځ کښې مسئله ده او په هغې کښې اوس انتظاميې دومره ګرمی راغستې ده د خلقو کورونه ئې وران کړل او د خلقو د کاروبار، د کاروبار ځايونه ئې وران کړل او ورانئ ئې، بيګا يو داسې واقعات شوی دی او جيل ئې هم ډک کړے دے او ډير زيات د خلقو نقصان ئې کړے دے۔ هغې کښې چې څومره څه، د هغه روزګار په ځائې کښې پراته وو هغه ېې ټول مسمار کړی دی او غټ تقريباً په کروړونو روپو تاوان شوے دے۔ ما دې خپلو ممبرانو صاحبانو ته هم وئيلی وو، مونږ پرې سبا له چيف سيکرټری سره هم ملاويږو په ديکښې مختلفې فيصلې دی۔ په ديکښې د مرکزی حکومت فيصله

شته دے، په دیکښې د صوبائی حکومت فیصله شته دے، په دیکښې د دې اسمبلئی، بیگم نسیم ولی خان د هغې کمیټئ چیئرمینه وه، د هغې یو فیصله پکښې شته دے۔ داسې مختلفې فیصلې پکښې دی او په دیکښې د سپریم کورټ او د هائی کورټ فیصلې هم دی۔ مونږ له د د یو موقع، یو درخواست کوم، تاسو رولنگ ورکړئ چې دا کمیټی دغه کوئسچن راواخلی او دا زر تر زره، په ورځ دوه کښې پکښې میټنگ رااوغواړی او بل د ستاسو په وساطت چیف سیکرټری صاحب او موجوده حکومت ته خواست کوم چې په دیکښې دا کومه گرمی ئې چې راغستې ده، دا د پریږدی او مونږ به ټول ممبران په دیکښې په خصوصی توگه په دیکښې گډون اوکړو په دې میټنگ کښې او مونږ به په خپله باندې کښېنو، داسې څه لائحه عمل به جوړ کړو چې په دیکښې به مونږه په دې خپله ضلع کښې ان شاء الله د امن و امان او دا گړبړ ختم کړو که خیر وی۔

<u>جناب مسند نشین:</u> ټهیک شو۔ جی اعظم خان صاحب! تاسو۔۔۔۔

<u>جناب اعظم خان:</u> سپیکر صاحب، ستاسو ډیره شکریه۔ زمونږ بهادر خان حاجی صاحب چې کومه خبره اوکړه، جی دا زمونږ د لوئر دیر د ټول MPAs مسئله ده، دا جی د ډیر وخت نه راروانه ده او چلیږی او مسلسل لکه جی دیکښې دریې څلور فریقه Involve دی او اوس چې کوم ډی سی صاحب راغلې دے هغه په هغې کښې باقاعده آپریشنې شروع کړی دی، ډیرو خلقو ته په دیکښې تکلیف اورسیدو د هغوی هغه کوم سامانونه چې وو، کوم دکانونه چې وو هغه ئې ختم کړل خراب ئی کړل۔ لهذا مونږ جی تاسو ته دا Request کوؤ چې په دیکښې تاسو حکم اوکړی چې فی الحال کوم آپریشن راوان دے آپریشن خو فوری بند کړئ او دې له یو کمیټی جوړه کړئ، ټول ایم پی ایز هم مونږ پکښې Involve کړئ که ایم این ایز وی، هغه د هم پکښې Involve کړئ چې کوم د انتظامیه خلق دی هغوی د هم Involve کړی په دیکښې او دې له یو حل د جی رااوباسی، د هغې نه پس که بیا څوک داسې غیر قانونی سړے وو جی بیا د حکومت په زمکه باندې قبضه کړې وه یا د حکومت په مزکه باندې ئې دکان جوړ کړے وو یا د حکومت زمکه ئې خرڅه کړې وه بیا ټهیک ده د هغې خلاف د آپریشن اوکړی په هغې مونږ ه څه نه وایو۔ بهرحال چې کوم خلق چې هغه قانونی په خپلو

جائیدادونو باندې، په خپلو جائیدادونو کاروبار کوی او هغه د گورنمنټ زمکه نه وی، د هغه ملکیت نه وی، لهذا پکار دا ده چې په هغې باندې غور اوشی او دغه مسئله حل کړے شی۔ شکریه جی۔

جناب مسند نشین: جی شفیع صاحب۔ شفیع صاحب۔ مائیک آن کړئ شفیع الله صاحب ته۔ مائیک آن کړئ شفیع الله صاحب ته۔ پردی سیټ ته خو نه ئې۔ مائیک مو غلط آن کړے دے۔

جناب شفیع الله خان (معاون خصوصی وزیر اعلیٰ برائے جیلخانہ جات): دا زمونږ د دیر یو Combined issue ده، د بهادر خان صاحب هم نه ده او د اعظم خان صاحب هم نه ده او دا د همایون خان هم نه ده، Combined issue ده او هلته کبنې په ضلع کبنې د Law & order issue جوړیږی، ډی سی صاحب له پکار وو چې، مونږ هر یو Legal کار سپورټ کوؤ او د هر Illegal کار مونږ مخالفت کوؤ۔ ډی سی صاحب چې آپریشن کولو پکار دا وه چې مونږ دا Concerned MPAs ئې په اعتماد کبنې اخستې وې، مونږ به ده ته لار ښودلې وه، مونږ به دوئ Brief کړی وو، مونږ به دوئ پوهه کړی وو۔ نن زمونږ ضلع کبنې د هړتال کال ملاویږی، مونږ ته ټیلیفونونه کیږی نو ډی سی صاحب دے مونږ ته Issue نه جوړوی، کم چې Legal کار دے مونږ Hundred percent support کوؤ۔ آپریشن د دوئ داسې نه کوی، دیکبنې د Court decision موجود دے، Judgment موجود دے۔ لهذا هغه ستاسو په وساطت سره، د اسمبلئ په وساطت سره ډی سی صاحب تا مونږ دا وینا کوؤ چې مهربانی اوکړه په ضلع کبنې زمونږ د امن و امان مسئلې مه جوړه وه۔

جناب مسند نشین: تاسو شوکت صاحب سره کبنېنئ مسئله به حل کړئ د رته۔ شوکت صاحب، دوئ سره کبنېنئ، مسئله ورته حل کړئ۔

## مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا انوائرنمنٹل پروٹیکشن مجریہ 2022 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Chairman: Item No. 9. Consideration of Khyber Pakhtunkhwa Environmental Protection (Amendment) Bill, 2022 in the House. The Minister for Environment, to please move that the Khyber

Pakhtunkhwa, Environmental Protection (Amendment) Bill, 2022 may be taken into consideration at once. The Minister for Environment, please.

Syed Muhammad Ishtiaq (Minister for Environment): I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Environmental Protection (Amendment) Bill, 2022 may be taken into consideration at once.

Mr. Chairman: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Environmental Protection (Amendment) Bill, 2022 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Clause 1 of the Bill-----

(Interruption)

جناب مسند نشین: اومې کړه خبره، هغه اوشوه۔ Since no amendment has been proposed by any Honourable Member in Clause 1 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clause 1 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Clause 1 stands part of the Bill. Amendment in Clause 2 of the Bill: Ms. Nighat Yasmeen Orakzai, MPA to please move her amendment in Clause 2 of the Bill.

Ms: Nighat Yasmeen Orakzai: Thank you Mr. Speaker! I Nighat Yasmeen Orakzai, MPA to move that in Clause 2, in sub-clause (a), in the proposed new paragraph (f-i), for the word 'mean', the word 'means' may be substituted.

اس میں Grammatical جو ہے تو غلطی ہے اگر اس کو ٹھیک کیا جائے تو وہ بہتر ہے، میں منسٹر صاحب سے درخواست کروں گی آپ کی توسط سے۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب!

سید محمد اشتیاق (وزیر ماحولیات): Agreed, Agreed، ٹھیک ہے۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب Agree؟

Minister for Environment: Yes.

Mr. Chairman: The motion before the House is that the amendment, moved by the Honourable Member, may be adopted?

Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. The amendment stands part of the Bill, now the question before the House is that the amended Clause 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Chairman: The 'Ayes' have it. Amendment in Clause 2 stands part of the Bill. Amendment in Clause 3 of the Bill: Mr. Ahmad Kundi, MPA to please move his amendment in Clause 3 of the Bill.

Mr. Ahmad Kundi: I move that in Clause 3, in the proposed sub-section (1A), for the words 'Vice Chairperson', the words 'members shall elect one of their members who' may be substituted.

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب!

وزیر ماحولیات: یہ کنڈی صاحب نے جو Amendment لائی ہے اس کیساتھ اس لئے Agree نہیں کر سکتے چونکہ یہ اس میں ممبرز ہوتے ہیں، پرائیویٹ ممبر بھی ہوتے ہیں، ہماری وائس چیئر مین، چیئر مین اس کو چیئر کرتے ہیں تو اس سے بہت Problem create ہو جائے گی کیونکہ ایک پرائیویٹ بندہ آئے گا وہ اس کو چیئر کرے گا یا اس کو کچھ کرے گا تو مشکلات آئیں گی، اس لئے میں اس کے ساتھ Agree نہیں کرتا سر۔

جناب احمد کنڈی: سر! Vice Chairperson نہیں ہو گا تو پھر کون ہو گا؟ Suppose ایک بات ہے۔ میں کہتا ہوں آپ یہ ممبر کو اختیار دیں وہ جب کیونکہ منسٹرز حضرات اکثر بادشاہ لوگ ہوتے ہیں نہیں ہوتے ہیں تو وہ بہت بڑی کونسل ہے، اس میں انہوں نے چیف سیکرٹری کو رکھا ہوا ہے، ایڈیشنل چیف سیکرٹری کو رکھا ہوا ہے، اگر یہ بھی نہیں ہوتے، چیف منسٹر تو Mostly Sir جو Busy بندے ہوتے ہیں تو ان کا تو مشکل ہوتا ہے۔ تو میری گزارش یہ ہے یہ اس فورم کو اختیار دے دیں وہ فورم بیٹھ کے تاکہ کل کو پھر Amendment لائیں گے تاکہ تھوڑی سی Futuristic approach ان کی ہونی چاہیئے میری گزارش ہے یہ صرف۔

جناب مسند نشین: جی منسٹر صاحب!

